بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایک ایسی مایہ ناز کتاب جس میں آپ قادیانیوں
کے بارے میں جو کچھ جاننا چاہتے ہوں

قادیانی پٹاری

مؤلف

ملک محمد عارف بیوپاری شرقپوری

ناشر

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ﷺ شرقپور شریف

Marfat.com

81355

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ

نام کتاب	....	قادیانی پٹاری
مرتب	....	ملک محمد عارف بیوپاری
ناشر	....	عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت شرقپور شریف
تعداد	....	1000/-
طابع	....	
سن اشاعت	....	اپریل 2001ء
ہدیہ	....	60/- روپے

ملنے کا پتہ:

سبحانی اکیڈمی اردو بازار لاہور

مرکزی دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت شرقپور شریف

عاشقان مصطفےؐ کے لیے خصوصی رعایت

Marfat.com

آئینہ مضامین

☆ انتساب 5
☆ عرضِ ناشر 6
☆ قادیانیوں کو چیلنج 8
☆ کتاب لکھنے کی وجہ 9
☆ علمی کارنامہ — محمد متین خالد 11
☆ دردِ دل — حافظ عبدالوہاب روپڑی 12
☆ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوّت کا تعارف اور مقاصد 13
☆ کتاب کو کس طرح پڑھیے 14
☆ اے پروانہ ختم نبوّت ذرا غور سے پڑھ 16
☆ دعوائے نبوّت کرنے والے جھوٹے نبی 18
☆ قادیانیوں کے نزدیک نبیوں کی فہرست 22
☆ غدارِ اسلام غدارِ وطن مشہور قادیانیوں کے بارے میں معلومات 23
☆ عام کافر اور قادیانی کافر میں فرق 25
☆ قادیانی تعارف 27
☆ مرزا غلام احمد قادیانی کے بارے میں معلومات 29
☆ مرزے کے مشاغل 32
☆ عاشق مزاج مرزا غلام احمد قادیانی 34
☆ مرزا قادیانی انگریز کا پٹھو 36
☆ ذرا انصاف کیجیے 39
☆ کیا امتی نبی ہو سکتا ہے 41
☆ قرآن اور قادیانی 43
☆ کلمہ طیبہ اور قادیانی 45
☆ درود شریف میں ردوبدل 47

ذخیرہ

Marfat.com

☆ قرآن مجید میں تحریف 48

☆ دلائل نبوّت 53

☆ مرزا قادیانی کا ماضی و حال 60

☆ مرزے کا دعوائے نبوت 67

☆ مرزائی اور مسلمان 72

☆ مرزا گستاخ کی گستاخیاں 82

☆ فتنہ قادیانیت کی بنیاد گالی پر ہے 89

☆ انبیاء علیھم السلام کی تحقیر و توہین 91

☆ اُم المومنین کی توہین 93

☆ اولیاء و علماء کی توہین 95

☆ مسلمانوں کی توہین 97

☆ جہاد کے بارے میں ارشادِ خداوندی 99

☆ جہاد کے متعلق فرمان نبویؐ 101

☆ مرزا قادیانی کا جہاد کے بارے نظریہ 103

☆ مرزا قادیانی کی پیشین گوئیاں 105

☆ مرزا کی دو زبانیں 113

☆ مرزا کی موت کے بارے میں اعداد 116

☆ منہ مانگی موت 118

☆ جنت حاصل کرنے کے لیے پرہیزی نسخہ 121

☆ چند گھڑیاں چناب نگر میں 123

☆ قادیانیوں سے گیارہ سوال 124

☆ عزم بالجزم 127

Marfat.com

انتساب

مجاہد اعظم ختم نبوت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

شہیدان ختم نبوت

محافظانِ ناموسِ رسالت

غازیانِ قادیانیت شکن

اور

قابل صد احترام والدین مرحومین

کے نام

Marfat.com

عرض ناشر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے۔

ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین (احزاب ۴۰)

ہاں (محمدؐ) اللہ کے رسول ہیں۔ اور سب نبیوں کے بعد میں آنے والے

حضور نبی اکرم ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اس کے ثبوت میں یہ آیت مبارکہ نہایت محکم ہے۔ یعنی آپ ﷺ آخر الانبیاء ہیں۔ نبوت آپ پر ختم ہے۔ آپ کی نبوت کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی حتیٰ کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے تو اگرچہ وہ پہلے نبوت پا چکے ہیں۔ مگر نزول کے بعد شریعت محمدیہ کے عامل ہوں گے۔ اور شریعت پر حکم کریں گے۔ اور آپ ہی کے قبلہ یعنی مکہ معظّمہ کی طرف نماز پڑھیں گے۔ حضور ﷺ کا آخر الانبیاء ہونا قطعی ہے اور نص قرآنی سے ثابت ہے۔ اور صحاح کی بکثرت احادیث جو حد تواتر تک پہنچتی ہیں ان سب سے ثابت ہے کہ حضور ﷺ سب سے پچھلے نبی ہیں۔ آپ کے بعد کوئی نبی ہونے والا نہیں۔ جو حضور ﷺ کی نبوت کے بعد کسی اور کی نبوت ملنا ممکن جانے وہ ختم نبوّت کا منکر ہے۔

کافر ہے اور خارج از اسلام ہے۔

اتنا واضح حکم کے باوجود بعض لوگوں نے نبوت کا دعویٰ کیا۔ ایسے تمام جھوٹے نبیوں کی نبوت کے زمانے نہایت قلیل رہے۔ حضور نبی کریم ﷺ کے نام پر فدا ہونے والوں نے ان نبیوں کی خوب درگت بنائی۔

چودھویں صدی میں مرزا غلام احمد قادیانی نے بھی نبی ہونے کا دعویٰ کیا۔ یہ نبی

Marfat.com

سیاسی بنیاد پر بنا۔ اور انگریزوں کے ایما پر بنایا گیا۔ انگریز برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں پر سیاسی غلبہ چاہتے تھے۔ مگر اسلام کا عقیدہ جن سچائیوں اور صداقتوں کی بنیاد پر ہے اسے کمزور کر دینا چاہتے تھے۔ اس مقصد کے لئے انہوں نے مرزا غلام احمد قادیانی کو استعمال کیا۔ اور مسلم اُمّہ گروہوں میں بٹ گئی۔ ایک صدی بیت گئی مگر اس کے مذموم اثرات ختم ہونے کو نہیں آ رہے ہیں۔

پیش نظر کتاب اس مذہب باطلہ کی سازشیں بے نقاب کرنے کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس کے مصنف ملک محمد عارف بیوپاری ہیں جو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت شرقپور کے صدر ہیں۔ علمی اعتبار سے ان کی معلومات میں وسعت نہیں ہے تاہم جذبہ مضبوط اور جوان ہے اس جذبے نے انہیں کام کر دکھانے کی ہمت دلائی ہے اور ایسی کتاب منظر عام پر لانے میں کامیاب ہوئے ہیں جسے اس موضوع کی اچھی کتابوں میں شامل کیا جا سکتا ہے۔

یہ کتاب تحریک تحفظ ختم نبوت ادب میں یقیناً ایک اضافہ ثابت ہوگی۔

ناظم شعبہ نشر و اشاعت
عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت
شرقپور شریف

Marfat.com

قادیانیوں کو چیلنج

قادیانی پٹاری

اس کتاب میں قادیانی مذہب کے بانی آنجہانی مرزا غلام احمد قادیانی اس کے لڑکوں اور نام نہاد خلیفوں، مریدوں کی تصانیف کے حوالہ جات دیئے ہیں میرا قادیانی جماعت کے سربراہ مرزا طاہر احمد سمیت دنیا کے تمام قادنیوں بشمول (لاہوری گروپ) کو چیلنج ہے کہ جو حوالہ جات قادیانی کتب سے دیئے ہیں اک حوالہ غلط ثابت کر دیں یا من گھڑت ہو تو میں ہر قسم کی سزا پانے کے لیے ہر وقت تیار ہوں۔ اگر حوالہ جات صحیح ہوں تو اپنی ہٹ دھرمی چھوڑ کر آخرت میں دوزخ سے بچنے کے لیے اسلام کی آغوش میں آجائیں تاکہ آپ کی آخرت برباد نہ ہو۔

دنیا کے کسی بھی قادیانی کو جرأت ہے تو میرے اس چیلنج کو قبول کرے۔

ملک محمد عارف بیوپاری
صدر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت
شرقپور شریف

Marfat.com

کتاب لکھنے کی وجہ

جو آدمی کتاب سے منسلک ہو جائے اسے کتاب پڑھنے کے ساتھ ساتھ کتاب لکھنے کا شوق بھی چرانے لگتا ہے۔ مگر کتاب پڑھنا آسان ہے اور کتاب لکھنا مشکل ہے۔ تاہم اس مشکل کے سامنے شوق والوں کو ٹکرانا بھی آتا ہے۔ مجھے بچپن سے کتابیں پڑھنے اور علماء کی تقریریں سننے کا بڑا شوق تھا۔ تقریریں سنتا اور علماء کی بے تحقیق باتوں سے اتفاق نہ ہوتا۔ خود کتابوں کی ورق گردانی کر کے حقائق تلاش کرنے کی سعی کرتا اور کاغذ پر لکھ لیتا۔

اس لکھنے کی عادت نے مجھے لکھنے والا بنا دیا۔ مگر میری یہ لکھائی بے ربط ہوتی وہ روانی نہ ہوتی جو کتابوں میں دیکھ پاتا۔ 1974ء میں جب شرقپور شریف میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی تنظیم قائم کی گئی۔ اور مجھے اس میں بطور صدر کام کرنے کا موقعہ ملا۔ تو قادیانیت کے بارے لٹریچر پڑھنے لگا۔ تو میں حیران رہ گیا۔ کہ اس نے ہمارے خلاف کس کس قسم کی گھناؤنی سازشیں کی ہیں۔ لہٰذا دل میں تڑپ پیدا ہوئی کہ عام لوگوں تک ان سازشوں کا انکشاف کر دیا جائے۔ بس میں نے قلم اٹھایا اور اپنے اندازِ فکر کے مطابق لکھنے لگا۔ جو لکھتا، دوسرے پڑھے لکھے حضرات کو دکھا لیتا۔ یہ تحریریں اس قدر زیادہ جمع ہو گئیں کہ ایک کتاب ترتیب دی جا سکتی تھی۔ محمد انور قمر شرقپوری جو کہ میرے شفیق استاد بھی ہیں اور ایک اچھے قلم کار بھی کی رہنمائی میں یہ کتاب پیش کرنے کی مجھے سعادت نصیب ہو رہی ہے۔

اس کتاب کو لکھنے کا جہاں یہ مقصد ہے کہ ہمارے مسلمان بھائی قادیانی نبی کی نبوت کی چوریوں سے آگاہ ہو سکیں گے وہیں یہ مقصد بھی ہے کہ خود مرزائی حضرات اپنی عقل و فکر سے کام لے کر اس کافر اور ملعون گروہ سے نکل کر اپنے رب کے حضور توبہ کریں اور

Marfat.com

اپنے ایمان کی حفاظت کریں۔

ناظرین کو اس کتاب کی مدد سے میں دعوت فکر دینا چاہتا ہوں کہ اس مرزائی برادری سے الگ رہیں۔ نہ ان سے کاروبار کریں اور نہ ہی ان سے معاشرتی تعلق رکھیں۔ ان کی مصنوعات تک کا بائیکاٹ کریں۔ اگر آپ ان سے میل جول اور ربط رکھیں گے تو انہیں مالی اور اخلاقی تقویت ملے گی۔ جو بالآخر مرزائیت اور قادیانیت کی اشاعت میں کام آئے گی۔

کتاب کی تحریر و تکمیل میں مجھے مندرجہ ذیل بزرگوں اور احباب کا تعاون اور رہنمائی حاصل رہی ہے۔

جناب استاد محترم ماسٹر محمد انور قمر صاحب شرقپوری

جناب محمد طاہر رزاق صاحب لاہور

جناب محمد متین خالد صاحب لاہور

جناب محمد نعیم صاحب، بیوپاری شرقپوری

جناب مقصود احمد شرقپوری

میں سمجھتا ہوں اگر مجھے ان کی رفاقت میسر نہ آتی تو میں شائد یہ کام اتنی عجلت سے نہ کر پاتا۔ میں ان سب حضرات کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔

اللہ تعالیٰ مجھے اس میدان میں مزید تحریری کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین

بندہ آثم

خادم ختم نبوت

ملک محمد عارف بیوپاری

صدر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

شرقپور شریف

Marfat.com

علمی کارنامہ

اسلام اور پاکستان کو جن فتنوں نے سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ان میں ''فتنہ قادیانیت'' سر فہرست ہے۔ قادیانی جماعت کے بانی آنجہانی مرزا قادیانی نے یہود وہنود کے اشارے پر نبوت کا دعویٰ کیا۔ اس بدبخت نے خود کو حضور نبی کریم ﷺ سے بڑھ کر ثابت کرنے کی ناپاک جسارت کی۔ قرآن مجید اور اسکی تعلیمات کا تمسخر اڑایا۔ اپنے نہ ماننے والے تمام مسلمانوں کو کافر کہا۔ تقسیم ہند کے بعد ان لوگوں نے ایک سازش کے تحت پاکستان میں اپنے قدم جمائے۔ سابق وزیر خارجہ کو سرکاری سرپرستی میں پروان چڑھایا۔ پاکستان کے تمام محکموں میں کلیدی عہدوں پر قادیانیوں کو فائز کروایا۔ جنہوں نے مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں فعال اور مجرمانہ کردار ادا کیا۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ کوئی مجاہد آگے بڑھے اور قادیانیوں کی اسلام و پاکستان کے خلاف غدارانہ سرگرمیوں کو بے نقاب کرے۔

اللہ تعالیٰ نے جناب ملک محمد عارف بیوپاری صاحب کو توفیق دی کہ انہوں نے یہ مشکل فریضہ سرانجام دیا۔

زیر نظر کتاب ''قادیانی پٹاری'' جناب ملک محمد عارف بیوپاری نے بڑی محنت و لگن سے تیار کی ہے۔ وہ ختم نبوتؐ کے محاذ پر ایک باصلاحیت جرنیل ہیں۔ جن کی صلاحیتوں پر رشک آتا ہے۔ میں نے انہیں ہمیشہ اسلام دشمن قوتوں کے خلاف جھپٹتے اور پلٹتے دیکھا ہے اور سراہتا رہتا ہوں کہ اتنا نوجوان بھی کام نہیں کرتے جتنا ملک صاحب نے کر دکھایا ہے۔

ملک عارف بیوپاری صاحب نے اس کتاب کو لکھ کر ایک بڑا کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ یہ کتاب جہاں مسلمانوں کے لیے بے حد معلومات کا باعث ہوگی وہاں قادیانیوں کے لیے بھی چشم کشاء ہوگی۔ انشاء اللہ میں ملک صاحب کو اتنی خوبصورت، معلومات افزاء اور ایمان افروز کتاب لکھنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ شرقپور شریف کو ہی نہیں بلکہ تمام عالم اسلام کو ملک عارف پر ہمیشہ فخر رہے گا۔

محمد متین خالد، لاہور

Marfat.com

دردِ دل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله رب العالمين والصلوٰة على سيد المرسلين امابعد

جب سے اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا فرمایا اس وقت سے ہی حق و باطل کا آپس میں مقابلہ رہا۔ باطل مختلف طریقوں سے حق پر حملہ آور ہوتا رہا کبھی اس نے کوئی شکل اختیار کبھی کسی رنگ میں آیا لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے حق کو کامیابی سے ہمکنار بنایا۔

قریباً ایک صدی قبل باطل نے قادیانیت کی شکل میں اسلام پر یلغار کی لیکن اللہ تعالیٰ نے اس یلغار کی سرکوبی کے لیے شیخ الاسلام مولنا ثناء اللہ امرتسریؒ، مولنا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ، علامہ احسان الٰہی ظہیرؒ، پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ، مجتہد العصر حافظ عبداللہ محدث روپڑیؒ، سلطان المناظرین حافظ عبدالقادر روپڑیؒ اور سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ جیسی نامور شخصیات پیدا فرمادیں جن کے بیان اور قلم سے ہزاروں لوگ قادیانیت سے تائب اور مشرف بہ اسلام ہوئے اور ختم نبوت ایک ایسا مسئلہ ہے کہ ہر مسلمان اس کی خاطر اپنی گردن تو کٹا سکتا ہے لیکن اس بارہ میں کسی قسم کا تساہل برداشت نہیں کرسکتا۔

اس لیے میرے دوست ملک محمد عارف بیوپاری نے بڑی محنت اور کاوش سے مرزائیوں کے بعض عقائد اور ان کی خرافات بیان کی ہیں یہ ان کی کاوش بہت اچھی اور امت مسلمہ کے لیے مفید ہے اور اس وقت قادیانیت کی یلغار کو روکنے کے لیے اس طرح کے رسائل کی اشد ضرورت ہے تاکہ نئی نسل انکے عقائد سے آگاہ ہوسکے۔ یہ کتاب پڑھ کر انسان چونک پڑتا ہے انہوں نے ناموس رسالتؐ پر کس طرح ہاتھ ڈالا ہے اس لیے یہ کتاب ہر ایک کے لیے مفید ہے۔ میں آخر میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے اس دوست کی محنت شاقہ اپنے ہاں قبول فرما کر آخرت کا ذریعہ نجات بنائے۔

حافظ عبدالوہاب روپڑی

جامع قدس چوک دال گراں، لاہور

Marfat.com

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا تعارف اور مقاصد

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نہ تو سیاسی جماعت ہے اور نہ ہی فرقہ وارانہ جماعت ہے اس میں تمام مسالک کے لوگ شامل ہیں بلکہ ختم نبوت والے تو ہر اس شخص کے غلام ہیں جو تحفظ ختم نبوت کے لئے کام کرتا ہے یہ عالمگیر جماعت ہے جماعت کے پہلے امیر تو سیدنا صدیق اکبرؓ تھے جنہوں نے مسیلمہ کذاب کے خلاف جہاد کیا تھا اور اب صدیق اکبرؓ کے روحانی فرزند جھوٹے نبی مرزا غلام احمد قادیانی کے خلاف جہاد کر رہے ہیں جماعت کا مقصد صرف اور صرف حضور اکرم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وعصمت و ختم نبوت کا تحفظ فتنہ قادیانیت کی سرکوبی۔ ناموس رسالت کی پاسبانی، نبوّت چوروں کا محاسبہ، ایمان کے ڈاکوؤں کا مقابلہ، تنظیم کے نیک مقاصد ہیں۔ دنیا کے ہر شہر میں جماعت کے دفاتر ہیں جہاں مبلغ دن رات کام کر رہے ہیں۔ مجلس نے حفاظت عقیدہ ختم نبوت اور تردید ختم نبوت کے موضوعات پر مختلف زبانوں میں کتابیں لکھی ہیں اور لٹریچر شائع کر کے پوری دنیا میں پھیلا رکھا ہے اندرون و بیرون ممالک کانفرنسوں، جلسوں، کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے تاکہ قادیانیت بے نقاب ہو۔ جعلی نبوت کا خاتمہ ہو منکر ختم نبوت کے خلاف آپ بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں آپ کا بھی بحیثیت مسلمان فرض ہے اور یہ بھی روز محشر کی ہولناک گرمی میں ساقی کوثر کے ہاتھوں جام کوثر نوش فرمائیں۔ اور روز محشر شفاعت کے طلب گار بن جائیں اس لئے آیئے اور مجلس تحفظ ختم نبوت میں شامل ہو جایئے۔

ختم نبوّت کا پرچم اٹھائے چلو

منکر ختم نبوّت کو مٹائے چلو

Marfat.com

کتاب کو کس طرح پڑھئے

ختم نبوّت کے پروانو!

1- رسول اللہ کی محبت میں محو ہو کر پڑھئے۔

2- ختم نبوّت کا محافظ بن کر پڑھیے۔

3- اطاعت رسول اللہ کا جذبہ رکھ کر پڑھیئے۔

4- وان کنتم تحبون الله فاتبعونی پر ایمان رکھ کر پڑھئے۔

5- ختم نبوّت کا پرچم بلند کرنے کا جذبہ رکھ کر پڑھئے۔

6- رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبیین سمجھ کر پڑھئے۔

7- رسول اللہ ﷺ کو روز محشر شفاعت کا طالب سمجھ کر پڑھئے۔

8- خدائے ذوالجلال کا دیدار کرنے کے لئے پڑھئے۔

9- گنبد خضریٰ کو سامنے رکھ کر پڑھئے۔

10- خاتم النبیین پر جان فدا کرنے کے لئے پڑھئے۔

11- ختم نبوّت کا محافظ بننے کے لئے پڑھئے۔

12- جنت حاصل کرنے کے لئے پڑھئے۔

13- منکر ختم نبوت پر ضرب لگانے کے لئے پڑھئے۔

پھر خدا سے کیا انعامات ملیں گے

1- حضور اکرم ﷺ کی روز محشر شفاعت نصیب ہوگی۔

2- اللہ کا قرب حاصل ہوگا۔

3- روز محشر اللہ کا دیدار نصیب ہوگا۔

Marfat.com

4- پل صراط سے آرام سے گذر جاؤ گے۔
5- حضور اکرم ﷺ کے ہاتھوں حوض کوثر کا پانی پینے کو ملے گا۔
6- جنت کے باغوں میں سیر کرو گے۔
7- جنت میں اعلیٰ مقام ملے گا۔
8- قبر کے عذاب سے بچے رہو گے۔
9- جنت کے محلوں میں رہائش ہو گی۔
10- حضور اکرم ﷺ سے جنت جانے کا ٹکٹ ملے گا۔
11- اعمال نامہ روز محشر دائیں ہاتھ میں پکڑا ہو گا۔
12- جنت میں میوہ جات اور پھل کھانے کو ملیں گے۔
13- دنیا و آخرت میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہو گی۔
14- فرشتے آپ کو سلام عرض کریں گے۔

لکھتا ہوں خون دل سے یہ الفاظ احمریں
بعد از رسولؐ ہاشمی کوئی نبی نہیں

جس زمین پر ہو نبوت کی توہین دوستو
گر پڑے نہ کہیں وہاں آسماں دوستو

Marfat.com

اے پروانہ ختم نبوّت ذرا غور سے پڑھ

1- جب تو کسی مرزائی سے ملتا ہے تو = خدا اور رسول ﷺ کا باغی بن جاتا ہے۔

2- جب تو کسی مرزائی کے ہاتھوں کا کھاتا ہے تو = خدا تجھ پر رزق کے دروازے بند کر دیتا ہے۔

3- جب تو کسی مرزائی سے ادھار لیتا ہے تو = خدا تجھ پر اپنے خزانے کے منہ بند کر دیتا ہے۔

4- جب تو کسی مرزائی کو دوست بناتا ہے تو = دنیا تجھ پر لعنت بھیجتی ہے۔

5- جب تو کسی مرزائی سے کچھ پیتا ہے تو = خدا تجھ پر رحمت نچھاور کرنے سے ہاتھ کھینچ لیتا ہے۔

6- جب تو کسی مرزائی سے مصافحہ کرتا ہے تو = فرشتے تجھ پر لعنت بھیجتے ہیں۔

7- جب تو کسی مرزائی کی حمایت کرتا ہے تو = تیرے نامہ اعمال میں گناہ لکھ دیا جاتا ہے۔

8- جب تو کسی مرزائی کے گھر جاتا ہے تو = زمین تجھ پر لعنت کرتی ہے۔

9- جب تو کسی مرزائی کو قرض دیتا ہے تو = وہ دولت تجھ پر پھٹکار کرتی ہے۔

10- جب تو کسی مرزائی سے محبت سے پیش آتا ہے تو = آسمان سے تجھ پر لعنتوں کی بارش ہوتی ہے۔

اے پروانہ ختم نبوّت ان باتوں پر عمل کر تو خدا سے انعامات ملیں گے

1- اگر تو مرزائی سے بائیکاٹ کرے گا تو = خدا کی تجھ پر رحمتیں نازل ہونگی

2- اگر تو مرزائی کے کھانے کو ٹھکرائے گا تو = خدا کے محبوب بندوں میں نام لکھ دیا جائے گا۔

Marfat.com

3- اگر تو مرزائی سے کچھ فائدہ نہ لے گا تو = خدا تجھ پر دولت کی بارش برسائے گا
4- اگر تو مرزائی سے سے نفرت کرے گا تو = دنیا تجھے محبت سے دیکھے گی
5- اگر تو مرزائی سے ہاتھ نہ ملائے گا تو = فرشتے تیرے غلام بن جائیں گے
6- اگر تو مرزائی کی مخالفت کرے گا تو = تیرے نامہ اعمال میں نیکی لکھی جائے گی
7- اگر تو مرزائی کی دہلیز پر جانے سے گریز کرے گا تو = زمین تیرے قدم چومے گی
8- جب تو مرزائی کو کوئی چیز نہ دے گا تو = دولت سے رب مالا مال کر دے گا
9- جب تو مرزائی سے دور رہے گا تو = آسمان سے تجھ پر رحمت کی بارش ہو گی
10- اگر تو مرزائی کی باتوں کو نہ سنے گا تو = تو حضور اکرم ﷺ کی شفاعت نصیب ہو گی

قادیانی چرخہ

از قلم: ملک محمد عارف بیوپاری

زیر طبع

Marfat.com

دعوائے نبوت کرنے والے جھوٹے نبی

اللہ تعالیٰ نے سورۃ احزاب میں فرمایا کہ
محمد ﷺ تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہاں وہ اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے نبی ہیں۔ (ما کان محمد ابا) یعنی قرآن مجید نے واضح فرما دیا کہ حضور نبی کریم ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں ہوسکتا۔ اگر کوئی نبی ہونے کا دعویٰ کرے گا تو وہ کاذب کافر اور خارج از اسلام ہے۔ لیکن پھر بھی کچھ لوگوں نے اس حکم کی پرواہ نہ کی اور اپنے نبی ہونے کا اعلان کر دیا۔ اور پھر ان کے کچھ پیروکار بھی بن گئے۔
مشہور جعلی خداؤں، خانہ ساز نبیوں، خود ساختہ مسیحوں اور جھوٹے مجددیت کے دعویداروں، دجالوں کاذبوں، کی فہرست ہم پیش کر رہے ہیں جنھوں نے عہد رسالت سے لے کر آج تک جھوٹے دعوے کئے۔

۱ صاف ابن صیاد مدنی
۲ اسود عنسی
۳ طلیحہ اسدی
۴ مسیلمہ کذاب
۵ سجاح بنت حارث تمیمیہ
۶ مختار ابن ابو عبید ثقفی
۷ حارث کذاب دمشقی
۸ مغیرہ بن سعید عجلی
۹ بیان بن سمعان تمیمی
۱۰ ابو منصور عجلی

Marfat.com

۱۱ صالح بن طریف برغواطی

۱۲ بہافرید زوزانی نیشاپوری

۱۳ اسحاق اخرس مغربی

۱۴ استاد سیس خراسانی

۱۵ ابوعیسیٰ اسحاق اصفہانی

۱۶ حکیم مقنع خراسانی

۱۷ عبداللہ بن میمون اہوازی

۱۸ بابک بن عبداللہ خرمی

۱۹ احمد بن کیال بلخی

۲۰ یحییٰ بن فارس ساباطی

۲۱ علی بن محمد خارجی

۲۲ حمدان بن اشعث قرمط

۲۳ ابوسعید حسن بن بہرام جنابی قرمطی

۲۴ زکرویہ بن ماہرو قرمطی

۲۵ یحییٰ بن زکرویہ قرمطی

۲۶ حسین بن زکرویہ معروف بہ صاحب الشامہ

۲۷ عبیداللہ مہدی

۲۸ علی بن فضل یمنی

۲۹ ابوطاہر قرمطی

۳۰ حامیم بن من اللہ محکسی

۳۱ محمد بن علی شلغمانی

۳۲ عبدالعزیز باسندی

۳۳ ابوالطیب احمد بن حسین متنبی

۳۴ ابوعلی منصور مقلب بہ الحاکم بامراللہ

۳۵ اصغر بن ابوالحسین تغلبی

Marfat.com

۳۶ ابو عبداللہ ابن شباس صیمری

۳۷ حسن بن صباح حمیری

۳۸ رشید الدین ابوالحشر سنان

۳۹ محمد بن عبداللہ بن تومرت حسنی

۴۰ ابوالقاسم احمد بن قسی

۴۱ علی بن حسن شمیم

۴۲ محمود واحد گیلانی

۴۳ عبدالحق بن سبعین مرسی

۴۴ احمد بن عبداللہ ملثم

۴۵ عبداللہ راعی شامی

۴۶ عبدالعزیز طرابلسی

۴۷ اویس رومی

۴۸ احمد بن بلال حسانی

۴۹ سید محمد جونپوری

۵۰ حاجی محمد فرہی

۵۱ **جلال الدین اکبر بادشاہ**

۵۲ سید محمد نوربخش جونپوری

۵۳ بایزید روشن جالندھری

۵۴ احمد بن عبداللہ سلجماسی

۵۵ احمد بن علی محیرثی

۵۶ محمد مہدی ازمکی

۵۷ سباتائی سیوی

۵۸ محمد عبداللہ کرد

۵۹ میر محمد حسین مشہدی

۶۰ مرزا علی محمد باب شیرازی

Marfat.com

۶۱ ملا محمد علی بارفروشی

۶۲ زرین تاج المعروف قرۃ العین

۶۳ شیخ بھیک اور شیخ محمد خراسانی

۶۴ مومن خان اُچّی

۶۵ مرزا یحییٰ نوری المعروف صبح ازل

۶۶ بہاء اللہ نوری

۶۷ محمد احمد مہدی سوڈانی

۶۸ مرزا غلام احمد قادیانی

۶۹ یوسف کذاب

۷۰ گوہر شاہی

۷۱ صوفی محمد شعبان

مرزا غلام قادیانی

انگریز کا بچہ جمورا

ازقلم: ملک محمد عارف بیوپاری

مفت حاصل کریں

Marfat.com

قادیانیوں کے نزدیک نبیوں کی فہرست

ہم پہلے اس بات کی وضاحت کر چکے ہیں کہ مرزا قادیانی نے جب اپنی نبوت کا دعویٰ کیا تو اسی دن سے اس کے پیروکار اسے نبی تسلیم کرنے لگے۔ اور اس کے مرنے کے بعد بھی اسے نبی مان رہے ہیں۔ بلکہ انہوں نے نبیوں کی ایک فہرست جو تیار کی اس میں مرزا قادیانی کا نام بھی شامل کیا ہے۔

1933ء میں چودھری ظفر اللہ خان نے ایک ٹریکٹ شائع کی جس میں یہ فہرست یوں دی گئی ہے۔

خدا کے راست باز نبی ، رام چندر پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، کرشن پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، بدھ پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، زرتشت پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، کنفیوشش پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، ابراہیم پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، موسےٰ پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، مسیح پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، محمد ﷺ پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، احمد پر سلامتی ہو۔
خدا کے راست باز نبی ، بابا نانک پر سلامتی ہو۔

(پیغام صلح لاہور، مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۳۳ء)

81355

Marfat.com

غدارِ اسلام، غدارِ وطن مشہور قادیانیوں کے بارے میں معلومات

-1	مرزا غلام قادیانی:	جس نے جھوٹی نبوت کا دعویٰ کیا۔
-2	حکیم نور الدین:	قادیان کا پہلا خلیفہ جس نے سب سے پہلے مرزے کی بیعت کی۔
-3	مرزا بشیر الدین:	قادیان کا دوسرا خلیفہ کشمیر کے خلاف سازشیں کرتا رہا۔
-4	مرزا ناصر:	قادیان کا تیسرا خلیفہ اسرائیلی ایجنٹ تھا۔
-5	مرزا طاہر:	جو اب باہر بیٹھ کر مسلمانوں کے خلاف سازشیں کر رہا ہے۔
-6	سلمان رشدی:	عطاء اللہ بٹ قادیانی کا دوہترا جس نے حضورؐ کی شان کے خلاف کتاب لکھی۔
-7	چودھری ظفر اللہ:	پاکستان کا وزیر خارجہ جس نے قائد اعظمؒ کا جنازہ نہ پڑھا۔
-8	جنرل اعظم:	جس نے 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں عاشقان مصطفیٰ ﷺ پر گولیاں چلائیں۔
-9	مرزا غلام قادر:	مرزا قادیانی کا بھائی جو انگریز کے ساتھ مل کر سازشیں کرتا رہا۔
-10	شاہنواز:	شیزان فیکٹری کا مالک جو 1/4 حصہ کمائی دارالکفر ربوہ میں بھیجتا رہا۔
-11	ڈاکٹر عبد السلام:	پاکستان کی ایٹمی طاقت کا دشمن۔

Marfat.com

12- کنزے: ظفر اللہ کا لے پالک بیٹا جس نے لیاقت علی خاں کو شہید کیا۔

13- ایم ایم احمد: مرزا قادیانی کا پوتا سقوط ڈھاکہ کا مرکزی کردار

للکار عارف بیوپاری

۱ ''حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوتؐ کے پرچار میں اک سیکنڈ کی زندگی ہزار سالہ زندگی سے بہتر ہے''

---

۲ دشمنوں کے ساتھ جہاد فرض ہے لیکن منکر ختم نبوتؐ کے خلاف جہاد سب سے افضل ہے۔ قلم سے ہو، زبان سے ہو، تبلیغ ہو یا مستقل بائیکاٹ ہو۔

Marfat.com

عام کافر اور قادیانی کافر میں فرق

ہمارے معاشرے میں مسلم اور غیر مسلم رہ رہے ہیں۔ غیر مسلم دو طرح کے ہیں۔ ایک اہل کتاب اور دوسرے کافر۔ ان دونوں کے اعمال، نظریات اور عقیدے سب پر عیاں ہیں۔ وہ مار آستین نہیں ہیں۔ مسلمان ان سے اپنے دامن کو بچا سکتے ہیں۔ مگر وہ لوگ جو مسلمانوں کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کی صفوں میں نفاق اور افتراق پیدا کرتے ہیں۔ وہ مسلمانوں کے لئے زیادہ خطرناک ہیں۔

قادیانی فرقہ ایک ایسا ہی خطرناک گروہ ہے۔ اس کی مثال ہم یوں دے سکتے ہیں کہ:

دو آدمی گوشت کا کاروبار کرتے ہیں۔ دونوں سور کا گوشت بیچتے ہیں۔ بلکہ دکانوں پر لکھ رکھا ہے کہ یہاں سور کا گوشت بکتا ہے۔

مسلمانوں کے نزدیک سور کا گوشت حرام اور نجس ہے۔ وہ ان سے گوشت نہیں لیں گے۔ ان کے نزدیک یہ دونوں گوشت بیچنے والے برے شخص ہیں۔ اب ان میں سے ایک گوشت بیچنے والا گوشت تو سور کا بیچتا ہے مگر بورڈ پر لکھ رکھا ہے کہ بکرے کا پاکیزہ گوشت

مسلمان اس کے لکھے پر اعتماد کریں گے۔ اور وہ انہیں سور کا گوشت بیچنے میں کامیاب ہو جائے گا۔

ایسے ہی دو شخص شراب کی بوتلیں بیچتے ہیں۔ مگر ایک شراب کہہ کے بیچتا ہے دوسرا اسے آب زم زم کہہ کے بیچنے کا دعویدار ہے۔

اگرچہ یہ دونوں گنہگار ہیں۔ مگر جو آب زم زم کہہ کر شراب بیچتا ہے۔ وہ اس شخص سے زیادہ مجرم اور گنہگار ہے جو لوگوں کو شراب شراب کے نام سے ہی بیچتا ہے۔

Marfat.com

مرزائیوں نے غیر نبی کی نبوت پر یقین و ایماں رکھا۔ وہ کافر بن گئے ان کے مقابلے میں ہندو سکھ۔ اور پارسی کافر ہیں۔ مگر مرزائی ان کی نسبت زیادہ خطرناک کافر ہیں۔ یہ دوسرے مسلمانوں کو گمراہ کریں گے۔ ان سے بچنا چاہیے۔

مسلمانوں کے اسی تحفظ کی خاطر پورے عالم اسلام میں ختم نبوت کی تحریک کام کر رہی ہے۔ میں اس تحریک کے ہر علمبردار کی عظمت کو سلام پیش کرتا ہوں۔ اور دوسروں کو چاہیے کہ وہ بھی عالمی تحریک تحفظ ختم نبوت کے جھنڈے تلے جمع ہوں۔ اور مرزائیوں کی تحریک کے ہر ایک پودے کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکیں۔

ہم مسلمان ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ کی نبوت کی خاتمیت پر ہمارا یقین ہے۔ اس یقین و ایمان کے ساتھ مرنا چاہتے ہیں۔

کاش ہم ثناء اللہ امرتسریؒ ، عطاء اللہ شاہؒ بخاری ، پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ ، حافظ عبد القادر روپڑیؒ اور علامہ احسان الٰہیؒ ظہیر میں جذب ہو کر ہم بھی اپنی زندگیوں میں کچھ کر پائیں۔

ہم تو کہتے ہیں اگر امام بن تیمیہؒ، امام ابن ارقمؒ ،حافظ ابن کثیرؒ، شیخ عبد القادر جیلانیؒ حافظ ابن کثیرؒ غرضیکہ خلفائے راشدینؓ امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ بن حنبل میں سے بھی اگر کوئی نبوت کا دعوی کرتا تو ہم اسے **کبھی نبی نہ** مانتے اور نہ ہی عارف بیوپاری مانتا۔

حضور اکرم ﷺ کے بعد کوئی بھی ایسا انسان نہیں جو تخت نبوت پر پاؤں رکھ سکے۔ اور نبوت کا تاج اپنے سر پر سجائے۔ یہ کس قدر ظلم ہے کہ آج کے جاہل ، بے علم اور بے وقوف لوگ نبوت کا تاج اس کے سر پر رکھ رہے ہیں جسے اتنی تمیز نہ تھی کہ گڑ کھا رہا ہے یا وٹوانی کی مٹی کا ڈھیلا۔ وہ تو اپنے جوتے اس الٹے پاؤں میں پہن لیا کرتا تھا۔

کچھ حیا کرو ، کچھ شرم کرو

Marfat.com

قادیانی تعارف

سب سے پہلے میں آپ کو یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ قادیانی کون ہیں؟ قادیانیت ہے کیا؟ قادیانی کسے کہتے ہیں؟ ان کا عقیدہ کیا ہے؟ غور سے پڑھیں اور پھر سوچیں اور فیصلہ کریں:

1- قادیانیت = حضور خاتم النبین ﷺ سے بغض کا نام ہے۔ (نعوذ باللہ)
2- قادیانیت = حضور خاتم النبین ﷺ کی نبوّت سے انکار کا نام ہے۔ (//)
3- قادیانیت = حضور خاتم النبین ﷺ سے دشمنی و عناد کا نام ہے۔ (//)
4- قادیانیت = حضور خاتم النبین ﷺ کی نبوّت پر ڈاکہ زنی کا نام ہے۔ (//)
5- قادیانیت = حضور خاتم النبین ﷺ کی سچی باتوں کو جھٹلانے کا نام ہے۔ (//)
6- قادیانیت = حضور خاتم النبین ﷺ کی ختم نبوّت پر ایمان نہ رکھنے کا نام ہے۔ (//)
7- قادیانیت = مرزا غلام احمد قادیانی کی جھوٹی جعلی نبوت کو ماننے کا نام ہے۔ (//)
8- قادیانیت = اسلام کی دشمنی کا نام ہے۔ (//)
9- قادیانیت = پنجابی نبی مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے کا نام ہے۔ (//)
10- قادیانیت = خدا اور رسول خاتم النبین ﷺ سے بغاوت کا نام ہے۔ (//)

اے ختم نبوت کے پروانو!

1- قبر کے عذاب سے بچنا چاہتے ہو تو ختم نبوّت کا تحفظ کرو
2- حضور اکرم ﷺ کی شفاعت چاہتے ہو تو ختم نبوّت کی پاسبانی کرو
3- ساقی کوثر ﷺ کے ہاتھوں جام کوثر پینا چاہتے ہو تو تاج ختم نبوّت کی نگہبانی

Marfat.com

کرو۔

4- حشر کی ہولنا کیوں سے بچنا چاہتے ہو تو حضور کی ختم نبوّت کا کام کرو۔

5- جنت جانا چاہتے ہو تو حضور ﷺ کی ختم نبوّت کا پرچار کرو

پھر کیا حاصل کرو گے

ربّ کی رحمت ، حضورؐ کی شفاعت

جنت میں اعلیٰ مقام

جو ختم نبوتؐ کا منکر ہوا ہے
سقر میں اسی نے بسیرا کیا ہے
وہ جرأت کے میداں میں کب ٹھہر پائے
ندامت سے سر اس کا ہر دم جھکا ہے
جو گستاخ ختم رسلؐ کا ہے عارفؔ
گلے اس کے لعنت کا پٹکا پڑا ہے

Marfat.com

مرزا غلام احمد قادیانی کے بارے میں معلومات

سب سے پہلے میں بتانا چاہتا ہوں کہ مرزا کون تھا کس نسل سے تھا کہاں پیدا ہوا اور موت کہاں ہوئی۔

پیدائش کا ضلع	=	گورداسپور (انڈیا)
گاؤں کا نام	=	قادیان تحصیل انبالہ
جس جگہ پیدا ہوا	=	گندی بدبودار کوٹھری میں
تاریخ پیدائش	=	۱۳ فروری ۱۸۳۱ء سے ۱۸۴۰ء تک مختلف دعوے
ماں کا نام	=	چراغ بی بی عرف گھسیٹی
باپ کا نام	=	غلام مرتضیٰ
دادا کا نام	=	عطا محمد
پردادا کا نام	=	گل محمد
قوم	=	برلاس، فارسی، اسرائیلی، فاطمی کرشن
بچپن کا نام	=	دسوندی
مشاغل	=	چڑیاں پکڑنا اور مارنا
جوانی	=	آوارگی
فرشتوں کے نام	=	مٹھن لال، ٹیچی ٹیچی، درشنی، خیراتی، شیر علی حفیظ
دادا کے ساتھ فراڈ	=	700 روپے پنشن لے اڑا
ملازمت	=	1864 تا 1867 تک D.C آفس سیالکوٹ میں بطور اہلمد

Marfat.com

کس امتحان میں فیل ہوا = مختاری کے امتحان میں

شیطانی و انگریزی نبوت کا سفرنامہ

مختلف قلابازیاں

1885ء مجدد کا دعوی

1888ء مسیح موعود کا دعوی

1901ء نبوت کا دعوی

23 مارچ 1889ء کو چالیس افراد نے مرزا کی بیعت کی 1896ء تک 313 مرید ہوئے۔

مرزا قادیانی کے بارے میں معلومات

کس مرض سے مرا = ہیضہ

کس دن واصل جہنم ہوا = منگل

کس وقت مرا = رات

وقت کیا تھا = ساڑھے دس بجے ($10\frac{1}{2}$)

موسم کیا تھا = گرما

مہینہ کونسا تھا = مئی

تاریخ کیا تھی = 26

سن کون سا تھا = 1908ء

کس شہر میں مرا = لاہور

جگہ کون سی تھی = برانڈرتھ روڈ

بلڈنگ کا نام = احمدیہ بلڈنگ

جائے مرگ = ٹٹی خانہ

ٹٹی خانے کتنی دیر پڑا رہا = تین گھنٹے

عاشقان مصطفے نے کیا سلوک کیا = لاش پر کوڑا پھینکا

Marfat.com

لاش کس چیز پر لیجائی گئی	=	مال گاڑی پر
لاہور سے لاش کہاں گئی	=	امرتسر اسٹیشن پر
امرتسر اسٹیشن سے کہاں گئی	=	پٹھانکوٹ والی ٹرین پر بٹالہ
بٹالہ سے لاش کہاں گئی	=	ریڑھے پر لاد کر قادیان

ناموسِ آنجناب سے اپنی حیات ہے
اس کے بغیر کوئی نہ اچھی سوغات ہے
اللہ کی ہے قسم کہ ہے مومن کے واسطے
ہر چیز سے بھی بڑھ کے محمدؐ کی ذات ہے
روزِ حشر شفاعت کا حقدار وہ نہیں
جس آدمی کے دل میں کوئی نفرت کی بات ہے
بد بخت ہے رذیل ہے کمینہ ہے بد نصیب
ختم رسلؐ پہ جس کا ایماں بے ثبات ہے
وابستہ آنجناب سے عارف وہی تو ہے
جس میں غرور ونخوت کی نہ کوئی آفات ہے

Marfat.com

مرزے کے مشاغل

مرزے کے دن رات کیا مشاغل اور کیا سوچ تھی

ذرا غور سے پڑھئے

دن کے مشاغل

جھوٹی نبوت کا کام ،لوگوں سے رقم بٹورنا ، کچہری میں رشوت لینا ،لوگوں کے منی آرڈر وصول کرنا ،مریدوں سے نقد رقم لینا ، انگریز سے نئی ہدایت لینا ، انگریز سے چیک وصول کرنا یا نقد رقم لینا ، انگریز سے رقم بٹورنے کے لئے جھوٹ بولنا ، مریدوں کو الہامات اور جھوٹی کرامتیں سنانا ،لوگوں کے ساتھ بحث مباحثہ کرنا ،لوگوں سے شیطانی نبوت کی بیعت لینا ، انگریز کے گیت گانا ، ٹھگی مارنا ، مریدوں سے نذر و نیاز لینا ، لوگوں کی جیبوں پر نظر رکھنا ، جہاد سے لوگوں کو منع کرنا ، انگریز کی وفاداری کا سبق دینا ، اسلام کے خلاف مختلف طریقے ایجاد کرنا اور دولت کے نشے میں مست رہنا۔

مرزے کے رات کے مشاغل کیا تھے؟

ذرا ہوشیار ہو کر پڑھیے

ای پلومر کی ٹانک پینا ، بھانو سے ٹانگیں دبواتا ، شیطانی باتیں کرنا ، ٹیچی ٹیچی فرشتے سے گپیں لگانا ، شیطانی پروگرام بنانا اور ترتیب دینا ، گندی شاعری کرنا ، گستاخانہ تحریریں لکھنا ،لوگوں سے بٹورا ہوا مال گننا ، مٹیار لڑکیوں سے پنکھا جھلوانا ، نئے نئے ڈرامے رچانے کا طریقہ سوچنا ، بے غیرتی کی نیند سونا ، بچوں کو انگریزوں کے قصے کہانیاں سنانا ،

Marfat.com

بچوں کو انگریز کی وفاداری کا سبق دینا، ہیرا پھیری کے گر بنانا، عشق میں ڈوبے رہنا، لوگوں کو ورغلانے کا طریقہ سوچنا، سادہ لوح لوگوں کو گمراہ کرنے کا طریقہ ایجاد کرنا، انگریزوں کے قصیدے لکھنا، اسلام کے خلاف سازشیں تیار کرنا، اپنے جال میں پھنسانے کا طریقہ تیار کرنا، عشق پیچے لگانے کا گر تیار کرنا۔

ختم نبوتؐ کے نعرے لگا کر
ختم نبوتؐ کا چرچا کریں گے
چلیں گے بروئے عدو سر اٹھا کر
نبی مکرمؐ کا بس دم بھریں گے
ہمارا ہمیشہ سے یہ فیصلہ ہے
خوشی سے جئیں گے خوشی سے مریں گے
فرشتے قبر میں یقیناً نہ پوچھیں
عقیدت جو نبیؐ محترم سے کریں گے
زمانے کا خوف و خطر کیا ہے عارف
کبھی موت سے نہ ذرا بھی ڈریں گے

Marfat.com

عاشق مزاج مرزا غلام احمد قادیانی

دنیا میں بڑے بڑے نامراد عاشق گزرے ہیں۔ کئی عشق کے امتحان میں پاس ہوئے کئی فیل ہوئے مگر ایک ایسا عاشق مزاج بھی پیدا ہوا جو مختاری کے امتحان میں تو فیل ہوا مگر عشق اور جعلی نبوت میں نقاب پوش ڈاکوؤں کی طرح دونوں میں پاس ہوگیا۔

سنو! وہ کون تھا۔ اسود عنسی کا نشان، گدی نشین مسیلمہ کذاب/ چیلا فرنگی۔ پیشوائے مرتدین، کافر کبیر، زلف ملکہ وکٹوریہ کا اسیر، عورتوں کا شکاری، شیطان کی پہچان، دشمن حدیث و قرآن، فتنہ قادیان شخصیت بڑی شیطانی ہے نام مرزا غلام احمد قادیانی ہے۔ جو میر ناصر نواب کی 18 سالہ الہڑ مٹیار لڑکی نصرت جہاں بیگم پر محبت میں لٹو ہو کر چٹو ہوگیا۔ محبت میں مرزا قادیانی کے دل پر غم فراق کے آرے چل رہے تھے۔ غم جدائی سے آنکھیں تڑپتی رہتیں۔ تپ ہجر میں دماغ کھولتا رہتا۔ اس کے دن دھکتے انگاروں کی طرح اور رات سالوں کی طرح کانٹوں پر گذرتی، پچپن سالہ بڈھا کا محبت نے دماغ کا ستیاناس کر دیا۔ چہرہ لعنت ہاؤس بن گیا اور چہرے پر ڈنٹ پڑ گئے۔ شکل کالی بلا جیسی ہوگئی۔ بڈھا کھوسٹ پاگلوں کی طرح ہر وقت نصرت جہاں کا ورد کرتا رہتا۔ جعلی نبوت کا کاروبار ٹھپ ہوگیا۔ چہرے پر جھریاں پڑ گئیں غم بھلانے کے لیے ای پلومر کی ٹانک پی پی کر رنگ پیلا ہوگیا۔ دانت نہ ہونے سے منہ کپہ بن گیا۔ رو رو کر آنکھوں سے خون کے آنسو نکلتے۔ ایک آنکھ پہلے ہی کانی تھی دوسری میں ہرتا نہ ہوگیا۔ ٹانگیں سوکھ گئیں۔ مجنوں کی طرح ہوگیا۔ اور محبوبہ کا گداگر بن کر گھر کا طواف کرتا رہتا۔ بال اُجڑے ہوئے تھے۔ آخر کار سیکنڈ ہینڈ دولہا کا محبوبہ کے ساتھ نکاح ہوگیا۔ اور دلہن کو چھک چھک کرتی گاڑی میں دہلی سے قادیان کی گندی کوٹھری میں لے آیا۔

Marfat.com

اب خوشی سے مرزا ڈانس کر رہا ہے اور پھر مریدوں سے بٹوری ہوئی رقم محبوبہ کے قدموں میں نچھاور کر رہا ہے جب سہاگ کی رات محبوبہ نے چڑیل جیسی شکل دیکھی تو حیرانی سے گرم گرم آنسو بستر پر گرنے شروع ہو گئے آخر کار دل بہلانے کیلئے مرزے کے مریدوں کے ساتھ لاہور آ کر شاپنگ کرتی اور خوش رہتی۔

باقی تفصیل قادیانی چرخہ میں بیان کروں گا۔

میں ریجھاں نال کتّاں چرخہ انگلینڈ دا

قادیانی پٹاری

پڑھیئے اور تحفظ ختم نبوت ﷺ کے لیے آگے بڑھیئے۔

جی ہاں، تحفظ ختم نبوت ﷺ آپ کا بھی فرض ہے۔ اور آپ نے یہ فرض کس حد تک ادا کیا ہے۔

روز محشر کی ہولناکیوں سے بچنے کے لیے

مطالعہ کیجئے اور کاروان تحفظ ختم نبوت ﷺ میں شامل ہو جایئے

یہ ایک ایسی مایہ ناز کتاب ہے جس کا ہر عاشقان مصطفےٰ ﷺ کے گھر ہونا لازمی ہے۔

یہ ایک ایسی دلچسپ کتاب ہے جو آنکھوں کے راستے دل کی گہرائیوں میں اتر جائے گی۔

اس کا ہر ورق معلومات افزا، چشم کشا، جہاد کی صدا،

مطالعہ کیجئے اور سب کو بیدار کیجئے

Marfat.com

مرزا قادیانی انگریز کا پٹھو (خود کاشتہ پودا)

انگریز انڈیا پر مکمل قبضہ کر چکا تھا۔ انگریز نے مسلمانوں کے دلوں سے جذبہ ایمانی و جہاد ختم کرنے اور انڈیا سے نکالنے کا پختہ ارادہ کر لیا تھا۔ اور پھر اسلام کو چھلنی چھلنی اور ریزہ ریزہ کرنے کے لیے اس کے ترکش میں کافی زہر آلود تیر تھے۔ جن کو اس نے بڑی چالاکی، مہارت اور منصوبہ بندی سے استعمال کیا۔ اس کے ہاں زہریلا نظام تعلیم شیطانی نظام معیشت تھا۔ مسلمانوں کو تباہ کرنے کے لیے اس کے پاس درباری علماء تھے۔ خود ساختہ صوفی تھے۔ تنخواہ دار مفتی تھے۔ حکومت کی مدح سرائی کر کے زمین و آسمان کے قلابے ملانے والے شاعر اور ادیب تھے۔ کئی میر جعفر تھے، قصیدہ گو اور قصیدہ خواں بھی تھے۔ یہ سب کچھ ہونے کے باوجود برصغیر پاک و ہند میں انگریز کی کامیابی کو خطرہ تھا۔ مسلمانوں کا جذبہ جہاد کسی وقت بھی آتش فشاں بن سکتا تھا۔ جس کی گھن گرج میں آزادی کا مطالبہ شدت اختیار کر سکتا تھا۔ وہ اس جذبہ کو کسی بھی طریقہ سے ختم کرنا چاہتا تھا۔ اس مقصد کے لیے اس نے سپر نما ابلیس کی تلاش شروع کر دی جسے وہ نبی کی شکل میں پیش کرنا چاہتا تھا۔ انگریز صرف ایسے شخص کی تلاش میں تھا۔ جو نسل در نسل غدار ہو اور آئندہ نسل بھی غدار رہے اگر ساری دنیا کی پھٹکار بھی پڑتی رہے تو ہمارے دیئے ہوئے مشن سے پیچھے نہ ہٹے۔ وہ ایمان فروش بھی ہو، جو خود ہی جہاد کو حرام قرار نہ دیتا ہو بلکہ اس کے آباؤ اجداد کے خنجروں، تلواروں، تیروں سے شہیدان اسلام کا خون ٹپکتا ہو۔ اور انگریز کی چوکھٹ پر خود سجدہ ریز نہ ہوتا ہو بلکہ اس کے خاندان کے بڑے بھی انگریز کے گیت گاتے رہے ہوں۔ انگریز کو ایسا شخص چاہیے تھا۔ جو ان کا پالتو بن کر رہے۔ ان ہی کی چوکھٹ پر سجدہ ریز رہے۔ ان ہی کے گیت گائے اور ان کی

Marfat.com

جوتیوں کے تلوے چاٹتا رہے اور دستر خوان کے بچے ہوئے ٹکڑے ٹانک سمجھ کر کھاتا رہے۔ فروٹ کے چھلکے باہر گندگی کے ڈھیر سے اٹھا کر گولڈن سیب سمجھ کر چباتا رہے۔ ان کے چھوڑے ہوئے شوربہ کو جام صحت سمجھ کر استعمال کرتا رہے۔ بلکہ اُن کے بڑے ان کی جھوٹی ہڈیوں کو کلمی آم سمجھ کر چوستے رہے ہوں اور خود بھی چوستا رہے۔ ان کے باسی پانی کو روح افزا شربت سمجھ کر پیتا رہے۔ ان کے بدبودار پسینے کو عنبر سمجھ کر جسم تر کرے اور جوتیوں کی خاک آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے بطور سرمہ استعمال کرتا رہے۔ لیکن ایسے بے غیرت، ضمیر فروش بدکردار، مردود، بے شرم، بے حیاء، لعنتی لوگ روز روز پیدا نہیں ہوتے۔ انھیں بڑی محنت اور تلاش کے بعد کرائے کا ایک نایاب غلاظت قادیان چیلائے شیطان، دجال قادیان، قادیان کا بے ڈھبہ آنکھ سے کانا منشی مرزا قادیانی جہنم مکانی کی صورت میں مل گیا۔

جو سیالکوٹ کچہری میں پندرہ روپے ماہوار پر اہلمد تھا۔ سیالکوٹ کے ڈی سی نے مرزا کا انگریز کے کہنے پر انٹرویو کیا جس میں مرزا قادیانی پاس ہوگیا اور جھوٹی نبوت کی حیثیت سے مردود کا انتخاب ہوگیا اور پھر فرنگی بچہ جموراہ مرزا قادیانی نے جھوٹی نبوت کا اعلان کر دیا اور اپنے آقائے انگریز کے آرڈر کے مطابق اسلام کے بنیادی عقیدہ جہاد کو حرام قرار دے دیا۔ سچے نبیؑ تو امت میں جہاد کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ لیکن جھوٹے نبوت چور مرزا نے جذبہ جہاد کو ختم کرنے اور انگریز کی وفاداری کا سبق دینے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے جہاد کو حرام قرار دے دیا اور انگریز کی اطاعت کو جائز قرار دے دیا۔

اب فرنگی منصوبہ سازوں نے مرزا کو کہا کہ تجھے نبی جس مقصد کے لیے بنایا ہے۔ وہ پورا کرو مرزا کے ذمہ جو مقاصد لگائے وہ یہ تھے۔

1- امت رسول ﷺ کے سینوں سے جذبہ جہاد کی روح کو نوچ لے۔

2- ان کی نڈر آنکھوں میں موت کا خوف پیدا کرے۔

3- ان کے دماغ سے شہادت کی سوچ ختم کر دے۔

4- ان کے فولادی ہاتھوں سے شمشیر جہاد چھین لے۔

5- ان کے دل سے عشق مصطفٰے ﷺ کھینچ لے۔

Marfat.com

6- انھیں ان کے نبی ﷺ سے تعلق ختم کروا کر اپنا ہمنوا بنائے۔

7- ان کے خون سے جہاد کے لیے کھولنے والے شراروں کو ملیامیٹ کر دے۔

تو انگریز کے آرڈر اور حکم کے مطابق مرزے نے جہاد کو حرام قرار دے دیا۔ ان کے چند نمونے پیش کرنے سے پہلے میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ جہاد کے بارے میں خدا اور حضور خاتم النبیین ﷺ کا جہاد کے بارے کیا حکم ہے۔

غور سے پڑھیں اور فیصلہ کریں۔

مدنی پھل
پنجابی نعتوں کا مجموعہ
از قلم: ملک محمد عارف بیوپاری
ہدیہ -/8 روپے

Marfat.com

ذرا انصاف کیجئے

(میں انصاف مانگتا ہوں)

دنیا میں رہنے والے لوگو......!

اقوام متحدہ کے ٹھیکیدارو......!

وعظ ونصیحت کرنے والے علمائے کرام......!

عالمی عدالت انصاف کے جج......!

امن کی تلقین کرنے والے سیاستدانو......!

انصاف کا درس دینے والے رہبرو......!

میری پکار سنو میرے غموں کی درد بھری کہانی سنو

1- میں خاتم النبین ﷺ کا اک ادنیٰ غلام ہوں

2- میں خدا کو رب العالمین مانتا ہوں

3- میرا ایمان ہے کہ محمدؐ رسول اللہ خاتم النبین ﷺ ہیں

4- میرا ایمان ہے کہ قرآن مجید آخری کتاب ہے

5- میں بیت اللہ کو اپنا قبلہ مانتا ہوں

6- جو خدا کی طرف سے جبرائیل پیغام لے کر آئے ہیں اسے وحی مانتا ہوں

7- میں حضور اکرمؐ کے فرمان کو حدیث مانتا ہوں

8- میرا عقیدہ ہے کہ مکہ اور مدینہ امن کی جگہیں ہیں

9- میں حضور اکرم ﷺ کے یاروں کو صحابہؓ مانتا ہوں

10- میرا ایمان ہے کہ کلمہ طیبہ ذریعہ نجات ہے

11- میں خلفائے راشدینؓ کو حق چار یار مانتا ہوں

Marfat.com

12- میں حضور اکرم ﷺ کی ازواج کو امہات المومنین مانتا ہوں

13- میں کتاب اللہ اور سنتِ رسول ﷺ کو ذریعہ نجات مانتا ہوں۔ بحیثیت مسلمان میں نے اپنے عقائد سے آگاہ کیا ہے

لیکن دنیا والو سن لو اک نبوت چور ایمان کا ڈاکو جو کہ انڈیا کے اک قصبہ گورداسپور تحصیل انبالہ کی گندی کوٹھری میں پیدا ہونے والا مرزا غلام احمد قادیانی جس نے ڈنکے کی چوٹ پر دنیا والوں کو کیا کہا۔

غور سے سنو ، پڑھو اور پھر انصاف کرو

مرزا غلام قادیانی کیا کہتا ہے

1- میں محمد رسول اللہ ہوں۔ (نعوذ باللہ)

2- مجھے خدا نے دوبارہ انسانوں کی ہدایت کے لئے بھیجا ہے (نعوذ باللہ)

3- میں شکل کے اعتبار سے وہ ہی ہوں جو محمد رسول اللہؐ تھے (نعوذ باللہ)

4- میں سیرت کے لحاظ سے افضل ہوں (نعوذ باللہ)

5- میں نام کی وجہ سے ہی محمد رسول اللہ ہوں (نعوذ باللہ)

6- میں خدا کی طرف سے دنیا میں پیغام پہنچانے آیا ہوں (نعوذ باللہ)

7- جو محمدؐ کو تو نبی مانے مجھے نبی نہ مانے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے (نعوذ باللہ)

8- قرآن اٹھا لیا گیا تھا مجھ پر دوبارہ نازل ہوا ہے (نعوذ باللہ)

9- جو میں کہتا ہوں وہ عین قرآن ہے (نعوذ باللہ)

10- میری بات حدیث ہے (نعوذ باللہ)

11- قادیان مکہ اور مدینہ سے افضل ہے (نعوذ باللہ)

12- اللہ تعالیٰ اور فرشتے مجھ پر درود بھیجتے ہیں (نعوذ باللہ)

دنیا والو عارف بیوپاری آپ سے فیصلہ مانگتا ہے اور انصاف چاہتا ہے کہ ایسے بدبخت اور گستاخ کی سزا کیا ہونی چاہیے اپنے آپ کو سپر پاور کہنے والو!

اگر یہ نبوت چور آپ کے بڑوں کے بارے گستاخی کرتا تو تم اسے چوک میں پھانسی دے دیتے۔ اب کچھ سوچو، حیا کرو، فیصلہ کرو، انصاف کرو۔

Marfat.com

کیا اُمتی نبی ہوسکتا ہے؟

یہ ایک ایسا سوال ہے جس کا جواب مسلمانوں کا ایک کم علم بچہ بھی دے سکتا ہے۔ کہ امتی نبی نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ نبی کی زندگی کی راہیں اللہ تعالی متعین کرتا ہے۔ جبکہ امتی کی زندگی کی راہوں کا تعین نبی کرتا ہے۔ نبی کی ہدایت کا سرچشمہ اللہ تعالی ہوتا ہے اور امتی کی ہدایت کا سرچشمہ نبی ہوتا ہے۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ نبی کا امتی نبی بن سکے۔

اہل علم بتاتے ہیں کہ ذی عقل مخلوق میں سے اللہ تعالی کسی ایسی ہستی کو چن لیتا ہے جو خدا اور ذی عقل مخلوق کے درمیان ایک رابطہ بنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احکام وحی (فرشتہ) کی وساطت سے اس ہستی تک پہنچتے ہیں جو انہیں اللہ کے بندوں تک پہنچانے کی ذمہ دار ہے۔ اس ہستی کو نبی کہا جاتا ہے۔

نبی کا کام صرف خدا کا پیغام بندوں تک پہنچانا ہی نہیں ہوتا بلکہ ان احکام کے مطابق زندگی گزارنے کا نمونہ بھی بننا ہوتا ہے۔ اللہ تعالی کے یہ احکامات پیغامات کلام اللہ ہوتے ہیں۔ جو اس نبی کے حکم کے مطابق مدون کر کے کتاب اللہ تیار ہوتی ہے۔ جس نبی پر یہ کتاب نازل ہوا سے نبی مرسل یا رسول کہتے ہیں۔

نبی یا پیغمبر کسی قوم کی ہدایت کے لئے مبعوث ہوتا ہے۔ یہ ایک روحانی فیض ہے جو انسانوں کو عطا ہوتا ہے۔ پیغمبر کا **موا**حد ہونا ضروری ہے۔ جو **موا**حد نہ ہو وہ نبی یا پیغمبر نہیں کہلا سکتا ہے۔

عام عقیدہ یہ ہے کہ خدا نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے ہیں۔ آخری نبی حضرت محمد ﷺ ہیں ان کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

اس گفتگو سے چار باتیں بڑی واضح ہوتی ہیں۔

1- نبی **موا**حد ہوتا ہے۔

Marfat.com

2- نبی خدا کی طرف سے مبعوث ہوتا ہے۔

3- نبی پر خدائی احکام فرشتہ لے کر آتا ہے۔

4- حضور نبی اکرم ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔

یعنی اولاً تو کوئی شخص محمد مصطفے ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ نہیں کر سکتا اگر کرے کرتا ہے تو وہ کاذب ہے۔ اور اس کے کذب کی علامتیں یہی ہیں کہ

نہ وہ خدا کی طرف سے مبعوث ہوگا۔

نہ وہ مولحد ہوگا۔

نہ اس کے پاس کوئی فرشتہ آتا ہوگا۔

اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ حضور ﷺ کے بعد جو بھی دعویٰ نبوت کرے گا وہ حضور ﷺ کا امتی ہوگا۔ جو اُمتی ہوگا وہ نبی کیسے بنے گا۔

اگر ہم حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک کے انبیاو رسل کو دیکھیں تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ کسی بھی نبی کی نبوت کے دوران اس کے اُمتی نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا ہے۔

یہ جرأت قادیان کے جھوٹے نبی نے ہی کی ہے۔ ایک طرف وہ غلام ہونے کا دعوے دار ہے اور دوسری طرف اسی آقا کے مقابل نبوت کا دعویٰ کرتا ہے۔ ایسا شخص تو نبوت کا چور اور ڈاکو ہو سکتا ہے۔

حضور ﷺ کے تشریف لے جانے کے بعد اگرچہ کچھ اور لوگوں نے بھی نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔ ان کے نزدیک نبوت ایک چودھراہٹ تھی۔ جو صرف قوت اور دولت کے بل بوتے پر میسر آ سکتی ہے۔ وہ چودھری بنے۔ چودھریوں کی سی بے قاعدگیاں کیں۔ اور اپنے انجام کو پہنچے۔ اور ان کے مرنے کی ساتھ ہی ان کی نبوتیں بھی دفن ہو گئیں۔ مگر قادیانی مرزا کو جن لوگوں نے نبوت کا دعویٰ کرنے پر اُکسایا۔ انہوں نے اس کی نبوت کو ابھی تک ایک بھونڈی شکل میں قائم رکھا ہے۔ انہوں نے ایک جال بچھا رکھا ہے جس میں اس کے پیروکار بعض مفادات کی خاطر پھنسے ہوئے ہیں۔

Marfat.com

قرآن اور قادیانی

قرآن کریم چوتھی اور آخری الہامی کتاب ہے جو پیغمبر آخر الزمان حضرت محمد مصطفی ﷺ پر نازل ہوئی۔ قرآن کریم مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اللہ کے پیارے حبیب ﷺ نے فرمایا، ''میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کے جا رہا ہوں اگر تم ان پر کاربند رہو گے تو فلاح پاؤ گے'' اور وہ دو چیزیں ہیں۔

1- قرآن حکیم 2- سنت رسول اکرم ﷺ (موطا امام مالکؒ)

حضور ﷺ کا اس فرمان عالی سے یہ باور کروانا مقصود تھا کہ ان دونوں چیزوں پر کاربند رہنے سے ہی تمہاری فلاح اور بخشش ہے۔ اور پھر قرآن مجید کا اپنا دعوی اور سرٹیفیکیٹ ہے کہ

ذلک الکتاب لاریب فیه

یہ وہ کتاب ہے جس میں قطعاً کوئی شک و شبہ والی بات نہیں ہے۔ اب جو شخص قرآن مجید میں شک کرتا ہے وہ اس پر یقین بھی نہیں رکھے گا۔ اور عمل بھی نہیں کرے گا۔ گویا کہ اس کی زندگی ان ضابطوں کے مطابق نہ ہوگی جن ضابطوں کے مطابق زندگی گزارنے کی سوچ اور فکر اسلام دیتا ہے۔

اب جو شخص قرآن مجید کے متعلق درست نظریہ نہ رکھتا ہو اس کا ایمان بھی یقیناً مشکوک ہوگا بلکہ کفر کی حدود میں داخل ہوگا۔

آیئے ان کے نظریات قران پاک کے بارے میں دیکھتے ہیں۔

قادیانیوں کے قرآن کے بارے میں کفریہ عقائد

ا۔ قصے کہانیوں کی کتاب .... ''قرآن پہلوں کے قصے کہانیاں ہیں''

Marfat.com

(نعوذ باللہ) (آئینہ کمالات مطبع لاہوری ص۔۴۹۲)

۲۔ صرفی ونحوی غلطیاں .... ''قرآن میں صرفی ونحوی غلطیاں ہیں'' (معاذ اللہ)
(حقیقۃ الوحی ص۔۳۰۴)

۳۔ قرآن اور میری وحی ایک ہیں .... ''قرآن کریم اور میری وحی میں کوئی فرق نہیں'' (معاذ اللہ) (نزول مسیح ص۔۹۹)

۴۔ میرے الفاظ خدا کے الفاظ ہیں .... ''میرے منہ کے لفظ خدا کے لفظ تھے'' (معاذ اللہ) (تذکرہ ص۔۲۰)

۵۔ قرآن اٹھالیا گیا ہے .... قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن حکیم ۱۸۵۷ء میں اٹھالیا گیا تھا۔

۶۔ ہم نے قرآن کو قادیان کے قریب نازل کیا ہے .... انا انزلنا قریبا من القادیان ''ہم نے قرآن کو قادیان کے قریب نازل کیا'' (ازالہ اوہام ص۔ ۳۲/۷۵،ص۔۳۴/۷۷ مرزا قادیانی)

۷۔ ''تین شہروں کا نام قرآن شریف میں اعزاز کے ساتھ لکھا ہوا ہے۔ مکہ، مدینہ، قادیان'' (تذکرہ مرزا غلام احمد)

مرزا قادیانی کا بیٹا مرزا بشیرالدین ایم اے لکھتا ہے ''ہم کہتے ہیں کہ قرآن مجید کہاں موجود ہے؟ اگر قرآن موجود ہوتا تو کسی کے آنے کی کیا ضرورت تھی۔ مشکل تو یہی ہے کہ قرآن دنیا سے اٹھ گیا ہے۔ اس لئے تو ضرورت پیش آئی کہ محمد رسول اللہ کو بروزی طور پر دوبارہ دنیا میں مبعوث کر کے آپ پر قرآن اتارا جائے''۔
(کلمۃ الفصل ص۔۱۰۳ ریویو آف ریلیجنز)

(نوٹ .... قادیانیوں کا قرآن مرزا قادیانی جہنم مکانی کے شیطانی الہامات کا مجموعہ ہے)

Marfat.com

کلمہ طیبہ اور قادیانی

دائرہ اسلام میں داخل ہونے والا دو اقرار کرتا ہے۔

1- اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

2- حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

صرف اللہ تعالیٰ کی معبودیت کو تسلیم کرنا۔ مگر نبی کریم ﷺ کی رسالت سے انکار کرنے والے کا ایمان اللہ تعالیٰ کو قطعاً ناپسند ہے۔ عیسائی اور یہودی اس انکار کی بنا پر مسلمانوں سے الگ ہیں۔ کہ وہ اللہ کے خاتم النبین نبی ﷺ کی رسالت اور نبوت کو تسلیم نہیں کرتے۔

اگر غور کریں تو اس کلمہ کے جزوِ اول یعنی لا الہ الا اللہ کا اعلان ہمارے نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ اور اس ماحول میں یہ اعلان فرمایا جہاں ایک ایک بندے کے سینکڑوں خدا بتوں کی شکل میں تھے۔ وہ انہیں کی پوجا پاٹ میں لگے ہوئے تھے کوئی کسی کے آگے ہاتھ باندھے کھڑا ہے اور بارش مانگ رہا ہے۔ کسی کی آگے سر جھکائے کھڑا ہے۔ اور اولاد مانگ رہا ہے، کسی کے آگے سجدہ کیے رو رہا ہے۔ ایسے ماحول میں ایک اور صرف ایک خدا کی عبادت کی دعوت دینا کوئی معمولی دعوت نہ تھی۔ یہی وجہ تھی کہ سارا عرب آپ کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا۔

تبھی تو اللہ نے فرمایا۔ محمد رسول اللہ (کلمے کا دوسرا جز) اب جو لوگ مدت سے بنو اسحاق میں سے نبوت کی آس لگائے بیٹھے تھے وہ بنو اسماعیل علیہ السلام میں سے ہونے والے نبی کے اعلان نبوت کو کیسے مان سکتے تھے۔

Marfat.com

آپ نے دیکھا ہوگا صلح حدیبیہ کے موقعہ پر جب معاہدہ تحریر ہونے لگا تو حضرت علی المرتضے رضی اللہ عنہ نے یہ لکھا کہ

هذا ماقا قضى به محمد رسول الله

اللہ کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فیصلہ فرمایا وہ یہ ہے۔ سائل نے اس پر اعتراض کیا۔ کہا ہم آپ کی رسالت کا اقرار نہیں کرتے۔ خدا کی قسم اگر ہم جانتے کہ آپ خدا کے رسول ہیں تو اس گھر کی زیارت سے ہم آپ کو نہ روکتے۔

اس میں لکھیے محمدؐ بن عبداللہ ،یعنی ان لوگوں نے لکھوایا محمد بن عبداللہ۔ گویا کہ ان لوگوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا رسول ہونا تسلیم نہیں کیا۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک عام آدمی تسلیم کیا۔ اب قادیانیوں کو دیکھئے انہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ رسول مانا اور نہ عام آدمی بلکہ کلمہ میں سے اسے خارج ہی کر دیا۔ اور یوں لکھا۔

لااله الا الله احمد رسول الله

کلمہ طیبہ اور درود شریف میں تحریف

مسلمانوں کا کلمہ .... لآ اله الا الله محمد رسول الله

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں حضرت محمد اللہ کے رسول ہیں۔

قادیانی امت کا کلمہ .... لا اله الا الله احمد رسول الله

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق ہیں احمد (مرزا غلام احمد) اللہ کے رسول ہیں۔

نوٹ ...... محمد حذف کر کے احمد لگا دیا ہے۔ مرزا ناصر احمد کے دورہ افریقہ پر تصویری کتاب Africa Speaks پر ''احمدیہ سنٹرل ماسک'' نائجیریا کا فوٹو موجود ہے وہاں پر یہ کلمہ لکھا ہوا ہے۔

Marfat.com

درود شریف میں ردوبدل

مسلمانوں کا درود شریف .... اللھم صل علی محمد و علی ال محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی ال ابراھیم انک حمید مجید الھم بارک علی محمد و علی ال محمد کما بارکت علی ابراھیم و علی ال ابراھیم انک حمید مجید.

قادیانی امت کا درود .... اللھم صل علی محمد و احمد و علی ال محمد و احمد کماصلیت علی ابراھیم و علی ال ابراھیم انک حمید مجید الھم بارک علی محمد و احمد و علی ال محمد و احمد کما بارکت علی ابراھیم و علی ال ابراھیم انک حمید مجید.

ضیاء الاسلام پریس قادیان کے مطبوعہ رسالہ درود شریف ص۔ ۴۴ پر یہ درود شریف لکھا ہوا ہے۔

Marfat.com

قرآن مجید میں تحریف

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے۔

انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحفظون

(الحجر ۹)

بیشک ہم نے قرآن اتارا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں

مطلب یہ ہے کہ جس کی کوئی چیز ہو اس کی حفاظت بھی اس کے ذمے ہوتی ہے۔ قران پاک چونکہ اللہ کی کتاب ہے۔ اللہ نے اسے اتارا ہے اور اللہ نے ہی اس کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے۔

قرآن مجید کی حفاظت دو طرح سے ہے۔

1- یہ رہتی دنیا تک باقی رہے۔

2- اس میں لفظی اور معنوی تحریف نہ ہو سکے۔

اس کی تحریف میں کسی انسان کو جرات نہیں ہو سکتی۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے دلوں میں یہ بات بٹھا دی ہے کہ ہم ایسا کام نہ کریں جو خدا کو ناپسند ہے۔ دوسرے یہ کہ اگر کوئی ایسی جرأت کرے تو فوراً پکڑا جائے۔ یعنی علماء کی گرفت میں آ جائے۔ اور تیسری بات تحریف اس وقت ہو گی جب کوئی اس جیسا قرآن، سورت یا آئت لائے۔ قرآن مجید کا یہ چیلنج تو 14 سو سال سے اب تک قائم ہے کہ اس جیسی کوئی سورت یا آیت بنا کے لاؤ۔

بڑے بڑے اہل علم اہل لغت اور اہل صرف ونحو آئے مگر کسی کو اس کے مقابلے میں ایک آیت تک بنانے اور لانے کی جرأت نہیں ہو سکی۔

Marfat.com

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں۔ انہیں مضبوط پکڑو گے تو ثابت قدم رہو گے۔

1- قرآن مجید 2- میری سنت

اب اگر کوئی شخص قرآن مجید میں تحریف کرتا ہے تو گویا قرآن اس شخص کی مرضی میں ڈھل جائے گا۔ لہذا قرآن نہ رہے گا۔ جس کو مضبوط پکڑنے سے ثابت قدمی کی خوش خبری ہے۔

چودھویں صدی کے اس جھوٹے نبی نے قرآن مجید میں تحریف کرنے کی کوشش کی ہے اور فوراً پکڑا گیا ہے۔ قرآن مجید میں تحریف ایک خیانت ہے جو ایسی خیانت کرے گا وہ خائن ہے۔ وہ ایک چور ہے۔ ڈاکو ہے۔ ایسا شخص کسی بھی ملت کا قائد نہیں بن سکتا۔

قادیانی جھوٹے نبی نے قرآن مجید میں جہاں جہاں تحریف کی ہے یہاں اس کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

دیکھئے قرآن پاک کی وہ آیات جو آنحضرت ﷺ سے متعلق ہیں۔ ان آیات بینات پر مرزا قادیانی کس طرح غاصبانہ قبضہ کرتا ہے چند نمونے پیش کئے جاتے ہیں۔

ا۔ میرے پر وحی ہوئی۔ قل یا ایها الناس انی رسول الله الیکم جمیعا

(تذکرہ ص۔ ۳۵۲ مصنفہ مرزا قادیانی)

۲۔ الہام ہوا تو سراجا منیرا یعنی چمکتا ہوا چراغ ہے۔

(تذکرہ ص۔ ۵۲، مصنفہ مرزا قادیانی)

۳۔ الہام ہوا یا ایها المدثر (تذکرہ۔ ۵۱ مصنفہ مرزا قادیانی)۔

۴۔ الہام ہوا وما ارسلنک الا رحمتہ للعالمین

(تذکرہ ص۔ ۵۱ مصنفہ مرزا قادیانی)

۵۔ الہام ہوا انا اعطینک الکوثر اے (مرزا) ہم نے آپ کو کوثر دیا۔

(تذکرہ ص۔ ۹۴ مصنفہ مرزا قادیانی)

تمام مسلمان جانتے ہیں کہ مندرجہ بالا تمام آیات میں رسول رحمت ﷺ سے

Marfat.com

خطاب ہے لیکن مسیلمہ پنجاب مرزا قادیانی ان تمام آیات کو اپنے تئیں منسوب کرتا ہے۔
(لعنت بر تو و بر کار تو)

اب ذرا دل پر ہاتھ رکھ کر اور جگر کو تھام کر مرزا قادیانی کی قرآن میں تحریفات دیکھئے اور قرآن کے اس ڈاکو پر بے شمار لعنتیں بھیجئے۔

تحریفِ قرآنِ حکیم لفظی .... ا۔ اصل آیت قرآن۔

وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی الا اذا تمنی القی الشیطن فی امنیته.

(سورہ حج۔ پ۔ ۱۷۔ ع ۷، آیت ۔۵۲)

تحریف شدہ آیت

وما ارسلنا مِنْ رسول ولانبی الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیته الخ ....

(ازالہ اوہام ص۔۶۲۹ دافع الوساوس مقدمہ حقیقت اسلام ص۔۳۳۰ روحانی خزائن ص۔۴۳۹)

مرزا قادیانی نے قرآن شریف کی آیت سے من قبلک خارج کر دیا ہے کیونکہ اگر من قبلک یہاں رہتا تو مرزا کی نبوت کا ٹھکانہ نہ بنتا۔

۲۔ اصل آیت قرآن شریف

وجاھدوا باموالکم و انفسکم فی سبیل الله

(سورہ توبہ رکوع نمبر ۶ پارہ نمبر ۱۰ آیت نمبر ۴۱)

مرزا قادیانی کی تحریف کردہ آیت

ان یجاھدوا فی سبیل الله باموالھم و انفسھم

(سورہ توبہ رکوع ۶)

(اہل اسلام اور عیسائیوں میں مباحثہ) ص۔ ۱۹۴، (جنگ مقدس) ۵ جون ۱۸۹۳ء)

مرزا قادیانی نے ان یجاھدو باموالھم و انفسھم اپنی طرف سے داخل کیا

Marfat.com

اور وجاهدوا باموالکم و انفسکم کو خارج کر کے فی سبیل اللہ کو آخر سے اٹھا کر درمیان میں رکھ دیا ہے۔

یہاں مسلمانوں سے خطاب اور جہاد کا حکم تھا۔ مرزا قادیانی نے مخاطب کے صیغے حذف کر کے جہاد کے حکم کو ختم کرنے کی کوشش کی۔ مرزا قادیانی کے نزدیک جہاد حرام ہے۔ ملاحظہ ہو ''چھوڑ دو اے دوستو جہاد کا خیال''۔

۳۔ آیت قرآن حکیم

کل من علیھا فان ٥ ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام ٥

(الرحمٰن پ۔ ۲۷)

مرزا قادیانی کی تحریف کردہ آیت

کل شئیی فان و یبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام

(ازالہ اوہام ص ۱۳۶)

من علیھا غائب، شئی زائد اور دو آیتوں کو ایک آیت تحریر کیا۔

۴۔ اصل آیت قرآن مجید۔

ولقد اتینک سبعا من المثانی والقران العظیم

(الحجر...... پ۔ ۱۴، آیت ۸۷)

تحریف شدہ آیت

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ انا اتیناک سبعا من المثانی والقرآن العظیم (براہین احمدیہ ص۔ ۵۵۸)

ولقد غائب انا زائد قرآن میں ن پر زبر ہے اور کتاب میں زیر ہے۔ العظیم کے م پر زبر اور مرزا کی کتاب میں زیر ہے۔

عجیب بات ہے کہ اشاریہ براہین احمدیہ ص۔ ۳۷ میں اس آیت کو صحیح لکھا گیا ہے۔

۵۔ اصل آیت قرآن شریف

الم یعلموا انہ من یحادداللہ و رسولہ فان لہ نارجھنم خالدا فیھا ذلک الخزی العظیم

Marfat.com

قادیانی تحریف

قولہ تعالی۔ الم یعلموا انه من یحادد الله ورسوله یدخله نارا خالد افیها ذلک الخزی العظیم۔

(الجزء نمبر ۱۰ سورہ توبہ) (حقیقۃ الوحی ص۔ ۱۳۰)

مرزا قادیانی نے یدخله اپنی طرف سے داخل کیا اور فان له نار جهنم کو خارج کر دیا۔

۶۔ یاایها الذین امنوا ان تتقوا الله یجعل لکم فرقانا ویکفر عنکم سیاتکم و یغفرلکم والله ذوالفضل العظیم۔ (انفال) ۴

مرزا قادیانی کی تحریف کردہ آیت۔

یاایها الذین امنوا ان تتقوا الله یجعل لکم فرقانا ویکفر عنکم سیاتکم ویجعل لکم نورا تمسون به ....

(انفال ع۔۴) (دافع الوساوس ۱۷۷ آئینہ کمالات)

ویجعل لکم نورا تمشون به مرزا قادیانی نے داخل کیا۔ و یغفرلکم والله ذو الفضل العظیم خارج کیا۔

مسلمانوں کی آزادی ہو نابود
الم نشرح ہے نیت قادیاں کی
لگے رونے بشیر الدین محمود
بنائی میں نے وہ گت قادیاں کی

Marfat.com

دلائلِ نبوّت

نبوت ایک عطیہ خداوندی ہے۔ اس کا دعوی کوئی شخص خود بخود نہیں کر سکتا۔ اور جو ہستی پاک اس انعام سے سرفراز ہوتی ہے۔ اس کی ذات دوسرے سب انسانوں سے منفرد ہوتی ہے۔ اس کے اوصاف باکمال ہوتے ہیں۔ اس کی باتیں دل جیت لینے والی ہوتی ہیں اس کا طرز حیات ،نمونہ حیات ہوتا ہے۔ اور پھر نبی پاک ﷺ کی نبوت تو ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء میں سے ممتاز ہے۔ اور انہیں نبوت عطا فرمانے کے بعد نبوت کا دروازہ بند کر دیا۔ اور لانبی بعدی کا اعلان کروا دیا گیا۔

آیئے نبوت کے دلائل قرآن و حدیث سے دیکھیں

قرآنی دلائل

دلیل نمبر 1: حضور نبی کریم ﷺ خاتم النبیین

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:

ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول الله و خاتم النبیین وکان الله بکل شی علیما ۔ (الاحزاب ۳۳، ۴۵)

''محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں بلکہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں اور اللہ تعالیٰ سب چیزوں کو جاننے والا ہے۔''

خصائص مصطفوی ﷺ

دیگر انبیاء مرجع انسانیت بنے جبکہ آپ مرجع کائنات نبوت بن کر تشریف لائے۔

ارشاد ہوتا ہے:

Marfat.com

واذ اخذ الله میثاق النبیین لما اتیتکم من کتب و حکمته ثم جاء کم رسول مصدق لما معکم لتومنن به ولتنصرنه (آل عمران ۳، ۸۱)

''یاد کیجئے اس وقت کو جب اللہ تعالی نے انبیاء علیہم السلام سے عہد لیتے ہوئے فرمایا کہ میں جب تمہیں کتاب و حکمت عطا کروں پھر اس کے بعد وہ برگزیدہ رسول آئے جو تمہاری تصدیق کرے تو تم اس پر ایمان لانا اور اس کی مدد کرنا۔''

گویا مختلف طبقات انسانی کے لیے انبیاء پر ایمان لازم ٹھہرا جبکہ قدمی صفات حاملان نبوت کو آپؐ پر ایمان کی تاکید ہوئی۔ باقی انبیاء کو دین ملا تو آپؐ کو کمال دین کی نعمت عطا ہوئی

''الیوم اکملت لکم دینکم'' (المائدہ ۵، ۳)

''آج کے دن ہم نے تمہارا دین مکمل کر دیا۔

دیگر انبیاء کو نعمت ملی تو آپؐ کو تمام نعمت کی شان نصیب ہوئی۔

واتممت علیکم نعمتی۔ (المائدہ ۵، ۳)

''اور ہم نے آپ پر اپنی نعمت مکمل دی۔''

دیگر انبیاء و رسل کسی نہ کسی مخصوص انسانی گروہ، طبقے یا جماعت کی طرف مبعوث ہوئے تو آپؐ جملہ کائنات انسانی کی جانب:

یاایھا الناس انی رسول الله الیکم جمیعا۔ (الاعراف ۷، ۱۵۸)

''اے انسانو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول بن کر آیا ہوں۔''

قل اطیعو الله والرسول فان تولو فان الله لایحب الکفرین۔ (آل عمران ۳۲)

ان سے کہو کہ اطاعت کرو اللہ اور رسول ﷺ کی۔ پھر اگر وہ اس سے منہ موڑیں تو اللہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔''

یاایھا الذین امنوا امنوا بالله ورسوله۔ (النساء ۱۳۶)

''اے لوگو جو ایمان لائے ہو، (سچے دل سے، ایمان لاؤ اللہ اور رسولؐ پر۔''

انما المومنون الذین امنوا بالله ورسوله ثم لم یرتابوا۔ (الحجرات ۱۵)

''مومن تو اصل میں وہ ہیں جو ایمان لائے اللہ اور اس کی رسولؐ پر، پھر شک میں

Marfat.com

نہ پڑے۔''

ومن لم یومن باللہ ورسولہ فانا اعتدنا للکفرین سعیرا. (الفتح ۱۳)

''اور جو ایمان نہ لائے اللہ اور اس کے رسولؐ پر تو ایسے کافروں کے لیے ہم نے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے۔''

ان اللہ لعن الکفرین واعدلھم سعیرا خالدین فیھا ابدا لایجدون ولیا ولا نصیرا یوم تقلب وجوھھم فی النار یقولون یالیتنا اطعنا اللہ واطعنا الرسولا. (الاحزاب ۶۴، ۶۵، ۶۶)

''یقیناً اللہ نے لعنت کی کافروں پر اور ان کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر دی جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ وہ اس روز کوئی حامی و مددگار نہ پائیں گے جب ان کے چہرے آگ پر پلٹائے جائیں گے، اس وقت وہ کہیں گے کہ کاش ہم نے اللہ کی اطاعت کی ہوتی اور رسولؐ کی اطاعت کی ہوتی۔''

وما منعھم ان تقبل منھم نفقتھم الا انھم کفروا باللہ وبرسولہ

(التوبہ ۵۴)

''ان کے انفاق کو قبول ہونے سے کسی چیز نے نہیں روکا مگر اس بات نے کہ انہوں نے کفر کیا اللہ اور اس کے رسولؐ سے۔''

ان تستغفرلھم سبعین مرہ فلن یغفر اللہ لھم ذالک بانھم کفروا باللہ ورسولہ. (التوبہ ۸۰)

اگر تم ان کے لیے ستر بار مغفرت کی دعا کرو تو اللہ انہیں نہ بخشے گا۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ سے کفر کیا۔''

ولا تصل علی احدمنھم مات ابدا ولاتقم علی قبرہ انھم کفروا باللہ ورسولہ وماتوا وھم فاسقون. (التوبہ ۸۴)

''اور ان میں سے جو کوئی مر جائے اس کی نماز جنازہ ہرگز نہ پڑھو اور نہ اس کے لیے قبر پر کھڑے ہو۔ انہوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ سے کفر کیا ہے اور وہ فاسق مرے ہیں۔''

Marfat.com

یاایها الذین امنو اطیعو الله واطیعو الرسول ولا تبطلو اعمالکم

(محمد ۳۳)

''اے لوگو جو ایمان لائے ہو۔ اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال کو باطل نہ کرلو۔''

ومن یعص الله ورسوله فان له نار جهنم خالدین فیها ابدا.

(الجن ۲۳)

''اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسولؐ کی نافرمانی کرے اس کے لیے جہنم کی آگ ہے، ایسے لوگ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔''

الم یعلموا انه من یحادد الله ورسوله فان له نار جهنم خالدا فیها.

(التوبہ ۶۳)

''کیا انہیں معلوم نہیں ہے کہ جو کوئی اللہ اور اس کی رسولؐ کی مخالفت کرے اس کے لیے جہنم کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔''

والله ورسوله احق ان یرضوه ان کانوا مومنین. (التوبہ ۶۲)

''اللہ اور اس کا رسولؐ اس کا زیادہ حقدار ہے کہ وہ اس کو راضی کریں اگر وہ مومن ہیں۔''

وما اتکم الرسول فخذوه وما نهکم عنه فانتهوا. (الحشر ۷)

''جو کچھ رسولؐ تمہیں دے اسے لے لو اور جس چیز سے روک دے اس سے رک جاؤ۔''

وما ارسلنا من رسول الا لیطاع باذن الله. (النساء ۶۴)

''اور ہم نے کوئی رسول بھی نہیں بھیجا مگر اس لیے کہ اس کی اطاعت کی جائے اللہ کے اذن سے۔''

ومن یطع الرسول فقد اطاع الله. (النساء ۸۰)

''جس نے رسولؐ کی اطاعت کی، اس نے اللہ کی اطاعت کی۔''

وان تطیعوه تهتدوا (النور ۵۴)

''اور اگر تم رسولؐ کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے۔''

Marfat.com

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوہ حسنہ۔ (الاحزاب)

''تمہارے لیے رسولؐ کی ذات میں ایک بہترین نمونہ ہے۔''

حدیث پاک سے دلائل

لانبی بعدی و لا امہ بعد امتی

(ابن کثیر، ج ۹ تفسیر سورۃ قمر، ص ۳۶۹)

ترجمہ: ''میرے بعد کوئی نبی نہیں اور میری امت کے بعد کوئی امت نہیں''۔

حدیث شفاعت آپ کی ختم نبوت کی بین دلیل ہے

حضرت ابوھریرہؓ حضور علیہ السلام سے ایک طویل حدیث روایت کرتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ روز محشر لوگ مختلف انبیاء کرام کے پاس جائیں گے اور جا کر عرض کریں گے اشفع لنا الی ربک ''اے نبی اللہ بارگاہ الوہیت میں ہماری شفاعت فرمائیے'' ہر نبی یہ جواب دے گا کہ اذھبوا الی غیری ''میرے علاوہ کسی اور کے پاس جائیے'' لوگ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہو کر مختلف انبیاء سے ہوتے ہوئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور جا کر یہی عرض کریں گے جس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے اذھبوا الی محمد ﷺ حضرت محمد ﷺ کی خدمت اقدس میں جاؤ۔ چنانچہ لوگ بارگاہ مصطفوی ﷺ میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے:

یا محمد ﷺ انت رسول اللہ و خاتم الانبیاء وقد غفر اللہ لک ماتقدم من ذنبک وما تاخر اشفع لنا الی ربک (بخاری، ج ۲، کتاب التفسیر، باب ذریہ من حملنا مع نوح انہ کان عبدا شکورا (ص ۶۸۵)

''اے آقا ﷺ آپ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں (یعنی آپ کے بعد کوئی نبی نہیں جس کی بارگاہ میں ہم جائیں) اور اللہ تعالیٰ نے (اپنے فضل سے) آپ کی اگلی پچھلی سب خطائیں (لغزشیں) معاف کر دی ہیں۔ آپ ہماری سفارش فرما دیجئے۔

دوسری روایت کے الفاظ ہیں کہ حضور ﷺ یہ سن کر فرمائیں گے کہ انا لھا ''اس (شفاعت) کے لیے میں ہی ہوں۔ اگر حضور ﷺ کے بعد کوئی اور نبی بھی ہوتا تو آپ

Marfat.com

دیگر انبیاء کی طرف لوگوں کو اس کی طرف بھیج دیتے مگر آپ ﷺ نے ایسا نہیں کیا اس سے ثابت ہوا کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں۔

حدیث حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے:

و خلفه فی بعض معاریه فقال له علی یارسول الله تخلفنی مع النساء والبیان فقال له رسول الله ﷺ اما ترضی ان تکون منی بمزله هارون من موسی الاانه لانبوه بعدی. (ترمذی، ابوب المناقب علی، حدیث نمبر ۱۶۵۸)

''اور حضور ﷺ ایک غزوہ میں تشریف لے جاتے وقت حضرت علیؓ کو (پیچھے مدینہ میں) چھوڑ گئے۔ حضرت علیؓ نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ آپ مجھے عورتوں اور بچوں کے پاس چھوڑ کر جا رہے ہیں (میں بھی ساتھ جانا چاہتا ہوں) آپ ﷺ نے فرمایا (اے علی رضؓ) کیا تم راضی نہیں ہو کہ تم میرے لیے ایسے ہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہارون مگر یہ کہ میرے بعد نبوت نہیں''۔

دوسری روایت میں ہے کہ حضور نے علی شیر خداؓ سے فرمایا کہ:

انت منی بمنزله هارون من موسی الا انه لانبی بعدی

(مسلم، ج دوم، ص ۲۷۸، کتاب الفضائل، باب فضائل علیؓ)

تم میرے لیے ایسے ہو جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہارون علیہ السلام تھے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں'' (کیونکہ میں آخری نبی ہوں)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر گئے تو حضرت ہارون علیہ السلام کو اپنا نائب بنا کر بنی اسرائیل کی طرف چھوڑ گئے۔ اسی طرح حضور ﷺ ایک غزوہ پر تشریف لے جاتے وقت حضرت علیؓ کو اھل مدینہ کی طرف اپنا نائب بنا کر چھوڑ گئے۔ چونکہ حضرت ہارون علیہ السلام نبی تھے اس لیے حضور ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرماتے ہوئے واضح کر دیا میرے بعد کوئی نبی نہیں اور نہ نبوت ہے۔ اس لیے کہیں یہ نہ مغالطہ کھا جانا کہ حضرت ہارون علہ السلام کی طرح حضرت علی رضؓ نبی ہیں۔

Marfat.com

حضورﷺ کے بعد اگر کوئی نبی ہوتا تو وہ عمرؓ ہوتے

حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے:

قال رسول اللہﷺ لو کان نبی بعد لکان عمر بن الخطاب (ترمذی، ج دوم، ابواب، المناقب، ص ۲۰۹، مناقب عمرؓ)

''حضورﷺ نے فرمایا اگر میرے بعد کوئی نبی آنا ہوتا تو وہ عمرؓ ہوتے''۔

مذکورہ بالا احادیث مبارکہ سے یہ ثابت ہوا کہ امت مصطفویﷺ میں اگر کسی کو منصب نبوت ملنا ہوتا تو حضرت علیؓ شیر خدا کو ملتا یا حضرت عمر فاروقؓ کو ملتا۔ مگر ان کو منصب نبوت نہ ملنا اس چیز کا ثبوت ہے کہ اجرائے نبوت کا سلسلہ منقطع ہو چکا ہے۔

امت محمدیﷺ میں جھوٹے مدعیان نبوت ہوں گے

حضورﷺ کی بعثت کے ساتھ باب نبوت مسدود ہو چکا ہے۔ اس لیے اب کسی شخص کو منصب نبوت پر متمکن نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ اب اگر کوئی شخص نبوت و رسالت کا دعویٰ کرتا ہے تو حضورﷺ کے فرمان کے مطابق وہ دجال، کذاب اور جھوٹا ہے۔ حضورﷺ نے نہ صرف جھوٹے مدعیان نبوت کے بارے میں پیشگی اطلاع دے دی بلکہ آپ نے تو ان کی تعداد بھی بیان فرما دی۔ چنانچہ حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا:

ولا تقوم الساعه حتی یبعث دجالون کذابون قریبا من ثلاثین کلھم یزعم انه رسول الله

(بخاری، ج ۱، کتاب المناقب، باب علامات النبوۃ فی الاسلام، ص ۵۰۹)

''میری امت میں تیس جھوٹے شخص پیدا ہوں گے۔ ان میں سے ہر ایک دعویٰ کرے گا کہ وہ نبی ہے (مگر سن لو) میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔''

Marfat.com

مرزا قادیانی کا ماضی و حال

مرزا غلام احمد 1831ء میں پیدا ہوا۔ جوانی کی حدیں پھلانگنے سے پہلے اس کا عقیدہ درست تھا۔ حضور نبی اکرم ﷺ کو آخری نبی مانتا تھا اور برملا اعلان بھی کرتا تھا۔ کہ حضور پاک ﷺ کو جو شخص نبی خاتم النبیین نہیں مانتا وہ کاذب ہے۔ کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

مگر جونہی وہ عمر کی پانچویں دہائی میں داخل ہوا تو اس کے اس عقیدے کا سودا ہو گیا۔ انگریزوں نے اس کے ایمان کو خرید لیا۔ اس کی مرضی ، اس کی سوچ اس کی فکر اور اس کی انا تک کو بھاری قیمت دے کر اپنا بنا لیا۔ سودا یہ تھا کہ مرزا غلام احمد وہ کچھ کرے گا جو کچھ کرنے کا اسے انگریز حکم دیں گے۔

چنانچہ 1884ء میں اس نانہجار نے مجددیت کا دعویٰ کیا 1891ء میں مسیحیت کا دعویٰ کر دیا اور 1901 میں نبوت کا دعویدار بن گیا۔ اس سے مجددیت کا دعویٰ اس لئے کروایا گیا کہ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ ہر صدی میں ایک مجدد آتا ہے چونکہ 1884ء میں ہجری سن 1301ھ شروع ہو گیا تھا لہذا اس نے یہ تاثر دیا کہ مسلمان جس مجدد کے منتظر ہیں وہ میں مجدد (مرزا غلام احمد) ہی ہوں۔ اور مسیحیت کا دعویٰ اس لئے کیا کہ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف لائیں گے۔ لہذا ان کے عقیدے کی تائید میں مسیح موعود بن کے آیا ہوں۔ اور نبوت کا دعویٰ اس لئے کروایا گیا کہ مسلمانوں کی ساری محبتیں اور عقیدتیں حضور نبی کریم ﷺ سے وابستہ ہیں۔ ان عقیدتوں کی بنا پر وہ ہر مخالف قوت سے ٹکرا جانے کا جذبہ رکھتے ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نبی خاتم النبیین ہیں۔ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ مرزے کے اس دعوے سے ایک تصادم پیدا ہو گا۔ مسلمانوں کی قوتوں کا

Marfat.com

شیرازہ بکھر جائے گا اور ملت واحدہ پارہ پارہ ہو جائے گی۔
چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ نبوت کا دعویٰ کرنے کے بعد اس نے بقیہ زندگی حضور ﷺ کی شان میں گستاخیاں کرنی شروع کر دیں۔ انبیاء کی شان میں کذب بیانی کی۔ حضرت مسیح علیہ السلام کی راست بازی پر اعتراض کیا۔ صحابہ کرام پر طعن کیا۔ قرآن و سنت پر تنقیص کی باتیں کرتا رہا۔
آیئے اس کی چند ہرزہ سرائیاں دیکھیں۔ مگر پہلے دعوائے نبوت سے قبل کی باتیں۔

ختم نبوت پر ایمان اور اصرار

"ماکان محمد ابا احمد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبین (الاحزاب: 41)
یعنی محمد ﷺ تم میں سے کسی مرد کے باپ نہیں ہیں مگر وہ رسول اللہ ہیں اور ختم کرنے والا ہیں نبیوں کا۔ یہ بھی صاف دلالت کر رہی ہے کہ بعد ہمارے نبی ﷺ کے کوئی رسول دنیا میں نہیں آئے گا۔"
(ازالہ اوہام ص 331' روحانی خزائن نمبر 3 ص 431 از مرزا غلام احمد قادیانی)

"ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبین"
(یعنی محمدؐ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں۔ ہاں وہ اللہ کے رسول اور نبیوں کو ختم کرنے والے ہیں۔ کیا تو نہیں جانتا کہ فضل اور رحم کرنے والے رب نے ہمارے نبی ﷺ کا نام بغیر کسی استثناء کے خاتم الانبیاء رکھا اور آنحضرت ﷺ نے لانبی بعدی سے طالبوں کے لیے بیان واضح سے اس کی تفسیر کی ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں اور اگر ہم آنحضرت ﷺ کے بعد کسی نبی کے ظہور کو جائز قرار دیں تو ہم وحی نبوت کے دروازہ کے بند ہونے کے بعد اس کا کھلنا جائز قرار دیں گے جو بالبداہت باطل ہے۔ جیسا کہ مسلمانوں پر مخفی نہیں اور ہمارے رسولؐ کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا ہے جبکہ آپ کی وفات کے بعد وحی منقطع ہو گئی ہے اور اللہ نے آپؐ کے ذریعہ نبیوں کا سلسلہ ختم کر دیا۔"
(حمامتہ البشریٰ ص 81 تا 84 مندرجہ روحانی خزائن نمبر 7 ص 200'201 از مرزا غلام

Marfat.com

احمد قادیانی)

مرزا قادیانی کا عقیدہ کیا تھا، اس کے چند نمونے پیش خدمت ہیں:

حضور ﷺ کے بعد مدعی نبوت بے دین اور دائرہ اسلام سے خارج ہے

مرزا قادیانی لکھتا ہے کہ:

''اور خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ میں مسلمان ہوں اور ان سب عقائد پر ایمان رکھتا ہوں جو اہل سنت و الجماعت مانتے ہیں اور کلمہ طیبہ لا الہ اللہ محمد رسول اللہ کا قائل ہوں اور قبلہ کی طرف نماز پڑھتا ہوں اور میں نبوت کا مدعی نہیں بلکہ اس کے مدعی کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہوں۔'' (آسمانی فیصلہ، ص۲)

نمبر 2

''ان تمام امور میں میرا وہی مذہب ہے جو دیگر اہل سنت و الجماعت کا مذہب ہے ...... میں مفصلاً ذیل امور کا مسلمانوں کے سامنے صاف اقرار اس خانہ خدا (جامع مسجد دہلی) میں کرتا ہوں کہ میں خاتم الانبیا ﷺ کی ختم نبوت کا قائل ہوں اور جو شخص ختم نبوت کا منکر ہو۔ اس کو بے دین اور دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہوں۔ (تبلیغ رسالت، حصہ دوم، ص۲۰، بحوالہ فیصلہ وفاقی شرعی عدالت، ص۸۶)

حضور ﷺ کے بعد مدعی نبوت کافر اور کذاب ہے

''میں ان تمام امور کا قائل ہوں جو اسلامی عقائد میں داخل ہیں اور جیسا کہ اہل سنت و الجماعت کا عقیدہ ہے۔ ان سب باتوں کو مانتا ہوں جو قرآن و حدیث کی رو سے مسلم الثبوت ہیں اور سیدنا و مولانا حضرت محمد ﷺ ختم المرسلین کے بعد کسی دوسرے مدعی رسالت کو کافر اور کاذب جانتا ہوں۔ اور میرا یقین ہے کہ وحی رسالت حضرت آدم صفی اللہ سے شروع ہوئی اور جناب محمد ﷺ پر ختم ہوگئی۔

(تبلیغ رسالت، ج دوم، ص۲۰)

مرزا قادیانی لکھتا ہے کہ:

ماکان لی ان ادعی النبوہ واخرج من الاسلام و الحق بقوم کافرین.

(حمامتہ البشری، ص۲۸۲)

Marfat.com

''اور میرے لیے جائز نہیں کہ میں نبوت کا دعوی کروں اور اسلام سے نکل جاؤں اور کافروں سے مل جاؤں۔''

حضور ﷺ کے بعد نہ کوئی نبی آئے گا اور نہ کوئی وحی

مرزا لکھتا ہے کہ:

اور حدیث لانبی بعدی ایسی مشہور تھی کہ کسی کو اس کی صحت میں کلام نہ تھا اور قرآن شریف ، جس کا لفظ لفظ قطعی ہے ، اپنی آیت ''لکن رسول الله و خاتم النبین'' سے بھی اس بات کی تصدیق کرتا تھا کہ فی الحقیقت ہمارے نبی ﷺ پر نبوت ختم ہو چکی ہے۔ (کتاب البریہ ص ۱۸۴ حاشیہ)

وہ اپنی کتاب .... آئینہ کمالاتِ اسلام .... میں لکھتا ہے

اللہ کو شایان نہیں کہ خاتم النبین کے بعد نبی بھیجے۔ اور نہیں شایان کہ سلسلہ نبوت کو دوبارہ از سرنو شروع کر دے ، بعد اس کے کہ اسے قطع کر چکا ہو۔ اور بعض احکام قرآن کریم کے منسوخ کر دے اور ان پر بڑھا دے (آئینہ کمالات اسلام ص ۳۷۷)

''قرآن کریم بعد خاتم النبین کے کسی رسول کا آنا جائز نہیں رکھتا خواہ وہ نیا رسول ہو یا پرانا ہو۔ کیونکہ رسول کو علم دین بتوسط جبرائیل ملتا ہے اور باب نزول جبرائیل بہ پیرایہ وحی رسالت مسدود ہے۔''

(ازالہ اوہام ص 411' روحانی خزائن نمبر 3 ص 511 از مرزا غلام احمد قادیانی)

''یہ بات مستلزم محال ہے کہ خاتم النبین کے بعد پھر جبرائیل علیہ السلام کی وحی رسالت کے ساتھ زمین پر آمدورفت شروع ہو جائے اور ایک نئی کتاب اللہ گو مضمون میں قرآن شریف سے توارد رکھتی ہو ، پیدا ہو جائے اور جو امر مستلزم محال ہو ، وہ محال ہوتا ہے۔ فتدبر۔''

(ازالہ اوہام ص 314' روحانی خزائن نمبر 3 ص 414 از مرزا غلام احمد قادیانی)

دعوائے نبوت کے بعد

(بعد کا عقیدہ)

۱۔ میں مسیح موعود ہوں (کتاب ازالہ اوہام صفحہ ۱۵)۔

Marfat.com

۲۔ آنکہ منم کہ حسب بشارات آمدم عیسیٰ کجاست تابنہد پابمبرم

(کتاب ازالہ اوہام صفحہ ۱۵)

۳۔ ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو۔ اس سے بہتر غلام احمد ہے (دافع البلاء صفحہ ۲۰)

خدا نے مرزا جی کو فرمایا

۴۔ آسمان سے کئی تخت اترے سب سے اونچا تیرا تخت بچھایا گیا۔

(اشتہاری انعام پانسو صفحہ ۲۵)

مرزا کہتا ہے:

۵۔ خدا کے عظیم الشان نشان بارش کی طرح میرے پر اتر رہے ہیں۔ اور غیب کی باتیں میرے پر کھل رہی ہیں۔ ہزارہا دعائیں اب تک قبول ہو چکی ہیں۔

(تریاق القلوب صفحہ ۶)

۶۔ خدا نے مجھے کہا لولاک لما خلقت الافلاک۔ (حقیقۃ الوحی ۱۰۵، ۱۹۱)

خدا نے مجھے کہا

۷۔ انما امرک اذا اردت شئیا ان تقول لہ کن فیکون

(حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۰۵، ۱۹۱)

۸۔ مرزا کہتا ہے "خدا نے مجھے کہا انت اسمی الاعلی"

(اربعین صفحہ ۳، ۳۴)

۹۔ مرزا قادیانی کا قول ہے مجھے کسی دوسرے کے ساتھ قیاس مت کرو اور نہ کسی دوسرے کو میرے ساتھ۔

(کتاب خطبہ الہامیہ صفحات ۹۱، ۲۰، ۲۳، ۳۵، ۱۷۱، ۱۱۲)

۱۰۔ میں مغز ہوں جس کے ساتھ چھلکا نہیں اور روح ہوں جس کے ساتھ جسم نہیں اور سورج ہوں جس کو دشمنی اور کینے کا دھواں چھپا نہیں سکتا۔ (ایضاً)

۱۱۔ مرزا کا دعویٰ ہے کہ مجھے خدا کی طرف سے دنیا کو فنا کرنے اور پیدا کرنے کی طاقت دی گئی ہے۔ میں خاتم الاولیاء ہوں میرے بعد کوئی ولی نہ ہوگا مگر وہ جو مجھ سے ہوگا اور میرے عہد پر ہوگا۔ (ایضاً)

Marfat.com

۱۲۔ مرزا کہتا ہے ''یہ میرا قدم ایک ایسے مینار پر ہے جو اس پر ہر ایک بلندی ختم ہوگئی۔

(ایضاً)

۱۳۔ مرزا کہتا ہے جو کوئی میری جماعت میں داخل ہوا در حقیقت وہ میرے سردار خیر المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں داخل ہوگیا۔ (خطبہ الہامیہ)

حدیث شریف میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حق میں فرمایا کہ قصر نبوت کی میں آخری اینٹ ہوں۔ مرزا اپنے حق میں لکھتا ہے۔

۱۴۔ پس اے ناظرین میں وہی آخری اینٹ ہوں (حوالہ مذکورہ)۔

۱۵۔ آنچہ دادست ہر نبی را جام داد آں جام را مرا بتمام (درثمین ص ۲۸۶)

یہ دعاوی سب کے سب گو اعلیٰ مراتب کے ہیں۔ لیکن ہیں تو انسانی درجہ کے اب ہم مرزا قادیانی کا ایک مقولہ اور پیش کرتے ہیں۔ جس سے ان کی شان انسانیت سے ارفع معلوم ہوتی ہے۔ فرمایا ''میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ہو بہو اللہ ہوں۔ اور میں نے یقین کر لیا کہ میں وہی ہوں'' (آئینہ کمالات اسلام صفحہ نمبر ۵۶۴)

مرزائی کون ہیں؟

حضور اکرم ؐ کے تخت و تاج کے ڈاکو

جن کا ان تین چیزوں پر عمل ہو

عقیدہ ، یقین ، اعتقاد کہ (نعوذ باللہ)

1- مرزا غلام احمد قادیانی نبی اور رسول ہے۔ (نعوذ باللہ)

2- جہاد کو حرام قرار دے دیا گیا اب جو جہاد کرے گا وہ مسلمان نہیں۔ (نعوذ باللہ)

3- مرزا غلام احمد قادیانی پر جو وحی آتی ہے وہ قرآن ہے۔ (نعوذ باللہ)

4- مرزا غلام احمد قادیانی رحمت للعالمین ہے۔ (نعوذ باللہ)

5- فرشتے مرزا غلام احمد قادیانی پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ (نعوذ باللہ)

6- **قرآن نمبر ۲** غلام احمد قادیانی پر دوبارہ نازل کیا گیا ہے۔ (نعوذ باللہ)

7- عیسیٰ علیہ السلام کے باپ کا نام یوسف نجار تھا۔ (نعوذ باللہ)

Marfat.com

8- عیسٰی علیہ السلام شراب کثرت سے پیتے تھے۔ (نعوذ باللہ)

9- مرزا غلام احمد قادیانی کی اولاد شعائر اللہ ہے۔ (نعوذ باللہ)

10- مرزا غلام احمد قادیانی کی بیٹی سارے نبیوں کی بیٹی ہے۔ (نعوذ باللہ)

11- آسمان سے بہت سے تخت اترے مرزا کا تخت سب سے اونچا ہے۔ (نعوذ باللہ)

12- مرزا غلام احمد قادیانی کے معجزے حضور اکرم ﷺ سے زیادہ ہیں۔ (نعوذ باللہ)

13- اشاعت دین مرزا غلام احمد قادیانی نے آ کر مکمل کی۔ (نعوذ باللہ)

14- سب نبیوں نے مرزا غلام احمد قادیانی کی بیعت کی۔ (نعوذ باللہ)

15- مرزا غلام احمد قادیانی کے 313 ساتھی اصحاب بدر۔ (نعوذ باللہ)

16- قادیان مکہ اور مدینہ کی طرح ہے۔ (نعوذ باللہ)

17- مکہ اور مدینہ سے برکتیں ختم ہو گئی ہیں اب برکتیں قادیان سے ملیں گی۔
(نعوذ باللہ)

18- مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی نہ ماننے سے نجات نہیں ملے گی۔ (نعوذ باللہ)

19- جو مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی نہیں مانتا وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔
(نعوذ باللہ)

Marfat.com

مرزے کا دعوائے نبوّت

نبی نباء سے بنا ہے۔ نبا کے معنی خبر دینا کے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خبر دینے والے کو نبی کہیں گے۔ اس طرح تو ہر شخص جو خبر دیتا ہے وہ نبی کہلائے گا۔ خواہ وہ ذی عقل ہو یا نہ ہو۔ لیکن یہ امر بہر حال مسلمہ ہے کہ لوگ اس شخص کی خبر پر یقین کریں گے۔ جو صاحب عقل ہو۔ جس سے جھوٹ سرزد نہ ہوتا ہو۔ جو حریص اور لالچی نہ ہو۔ اس لحاظ سے نبیوں کی تعداد بڑھ جائے گی

اب ذرا اس شخص کی خبر پر دھیان دیں جو لوگوں کے بھلے کی بات کرے۔ لوگوں کو آنے والے خطرات سے آگاہ کرے۔ لوگوں کا اس راہ پر چلنے کی ہدایت کرے جو صراط مستقیم ہے۔ جو مخلوق کو اس کے خالق کی بات بتائے۔ جس کی بات خالص اور مخلوق کے درمیان رابطہ قائم کرے اور جو وہ بات کرے جس کو اس سے پہلے کوئی بھی نہ جانتا ہو۔ اس بات کو وحی کے ذریعے بتلائے۔

اب ظاہر بات ہے ایسی ہستی کوئی منتخب ہستی ہی ہو سکتی ہے۔ یہی ہستی نبی کہلانے کی مستحق ہے۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار ایسی ہستیاں نبی کہلائیں۔ آخر یہ سلسلہ حضور نبی کریم ﷺ پر منتہی ہوا۔ اور قرآن مجید میں اعلان کر دیا گیا۔

ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ و خاتم النبین وکان اللہ بکل شئی علیماo (احزاب ۴۰)

محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ کے رسول ہیں۔ اور سب نبیوں سے پچھلے ہیں۔ اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

''سب نبیوں سے پچھلے ہیں'' سے یہ بات بڑی واضح ہے کہ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ اب اگر کوئی نبی ہوگا تو آپ پچھلے نبی نہ ہوں گے۔

Marfat.com

تمام نبیوں نے اپنے بعد آنے والے نبیوں کے بارے میں پیش گوئیاں کیں لیکن جب رحمت عالم ﷺ تشریف لائے تو آپ نے کسی بھی نبی کے آنے کی پیشین گوئی نہ کی۔ بلکہ اعلان فرمایا۔

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی.

میں سب سے بعد میں آنے والا نبی ہوں۔ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

اللہ تعالی نے نبی اکرم ﷺ کو خاتم النبین کہا۔ خاتم المرسلین نہیں کہ مبادا اس کا مطلب کوئی یوں لے کہ رسالت ختم ہوگئی اور نبوت ختم نہیں ہوئی۔ کیونکہ ہر نبی رسول نہیں ہوتا۔ اور ہر رسول نبی ضرور ہوتا ہے۔ خاتمین میں النبین رسول اور نبی دونوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ لہذا آپ کی ذات اقدس پر نبوت و رسالت دونوں ختم ہوگئیں۔

مرزا قادیانی اولاً اس عقیدے کا حامل تھا۔ مگر ۱۹۰۱ء میں وہ اس عقیدے سے منحرف ہوا اور خود ہی نبوت کا دعوی کر دیا۔ اور اپنی نبوت کے دعوی کے ثبوت میں طرح طرح کے دلائل پیش کرنے لگا۔ اس کے چند دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

خدا نے میرا نام نبی رکھا

''اور میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اسی نے مجھے بھیجا ہے اور اسی نے میرا نام نبی رکھا ہے اور اسی نے مجھے مسیح موعود کے نام سے پکارا ہے اور اس نے میری تصدیق کی میرے لیے بڑے بڑے نشان ظاہر کئے ہیں جو تین لاکھ تک پہنچتے ہیں۔''

(حقیقۃ الوحی ص 387، روحانی خزائن نمبر 22 ص 503 از مرزا غلام احمد قادیانی)

امتی بھی، نبی بھی

''جس قدر نبی گذرے ہیں، ان سب کو خدا نے براہ راست چن لیا تھا۔ حضرت موسیٰ کا اس میں کچھ بھی دخل نہیں تھا۔ لیکن اس امت میں آنحضرت ﷺ کی پیروی کی برکت سے ہزار ہا اولیاء ہوئے ہیں اور ایک وہ بھی ہوا جو امتی بھی ہے اور نبی بھی۔ اس کثرت فیضان کی کسی نبی میں نظیر نہیں مل سکتی۔''

(حقیقۃ الوحی ص 28 (حاشیہ) روحانی خزائن نمبر 22 ص 30 از مرزا غلام احمد قادیانی)

Marfat.com

بارش کی طرح وحی نازل ہوئی

''مگر بعد میں جو خدا تعالیٰ کی وحی بارش کی طرح میرے پر نازل ہوئی، اس نے مجھے اس عقیدہ پر قائم نہ رہنے دیا اور صریح طور پر نبی کا خطاب مجھے دیا گیا مگر اس طرح سے کہ ایک پہلو سے نبی اور ایک پہلو سے امتی۔''

(حقیقۃ الوحی ص 150، روحانی خزائن نمبر 22 ص 154'153 از مرزا غلام احمد قادیانی)

قادیان، رسول کا تخت گاہ

''تیسری بات جو اس وحی سے ثابت ہوئی ہے، وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ بہر حال جب تک کہ طاعون دنیا میں رہے گو ستر برس تک رہے، قادیان کو اس کی خوفناک تباہی سے محفوظ رکھے گا کیونکہ یہ اس کے رسول کی تخت گاہ ہے اور یہ تمام امتوں کے لیے نشان ہے۔''

(دافع البلاء ص 14' روحانی خزائن نمبر 18 ص 230 از مرزا غلام احمد قادیانی)

ختم نبوت، ایک باطل عقیدہ، اسلام شیطانی مذہب

''یہ کس قدر لغو اور باطل عقیدہ ہے کہ ایسا خیال کیا جائے کہ بعد آنحضرت ﷺ کے وحی الٰہی کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہو گیا ہے اور آئندہ کو قیامت تک اس کی کوئی بھی امید نہیں۔ صرف قصوں کی پوجا کرو۔ پس کیا ایسا مذہب کچھ مذہب ہو سکتا ہے جس میں براہ راست خدا تعالیٰ کا کچھ بھی پتہ نہیں لگتا۔ جو کچھ ہیں، قصے ہیں اور کوئی اگرچہ اس کی راہ میں اپنی جان بھی فدا کرے، اس کی رضا جوئی میں فنا ہو جائے اور ہر ایک چیز پر اس کا اختیار کر لے، تب بھی وہ اس پر اپنی شناخت کا دروازہ نہیں کھولتا اور مکالمات اور مخاطبات سے اس کو مشرف نہیں کرتا۔

میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس زمانہ میں مجھ سے زیادہ بیزار ایسے مذہب سے اور کوئی نہ ہو گا۔ (دریں چہ شک۔ ناقل) میں ایسے مذہب کا نام شیطانی مذہب رکھتا ہوں نہ کہ رحمانی اور میں یقین رکھتا ہوں کہ ایسا مذہب جہنم کی طرف لے

Marfat.com

جاتا ہے اور اندھا رکھتا ہی اور اندھا ہی مارتا اور اندھا ہی قبر میں لے جاتا ہے۔"
(ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ص 184' روحانی خزائن جلد 21 ص 354 از مرزا غلام احمد قادیانی)

نبوت کا دروازہ کھلا ہے

"پس یہ بات بالکل روز روشن کی طرح ثابت ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد نبوت کا دروازہ کھلا ہے۔ مگر نبوت صرف آپ کے فیضان سے مل سکتی ہے۔ براہ راست نہیں مل سکتی۔ اور پہلے زمانہ میں نبوت براہ راست مل سکتی تھی۔ کسی نبی کی اتباع سے نہیں مل سکتی تھی۔"

(حقیقۃ النبوۃ حصہ اول ص 228' از مرزا بشیر الدین محمود ابن مرزا غلام احمد قادیانی)

مرزا قادیانی کے بیٹے مرزا بشیر الدین کی گواہی

ذیل میں مرزا قادیانی کے بیٹے مرزا بشیر الدین محمود کی کتاب کا ایک اقتباس پیش خدمت ہے جس میں وہ مرزا قادیانی کے حوالہ جات نقل کر کے استدلال کرتا ہے کہ نبوت جاری ہے اور مرزا غلام احمد قادیانی نبی ہے۔

"میں مسیح موعود ہوں اور وہی ہوں جس کا نام سرور انبیاء نے نبی اللہ رکھا ہے۔"
(نزول المسیح ص 48)

"میں خدا کے حکم کے موافق نبی ہوں۔" (آخری خط مرزا غلام احمد قادیانی مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

"میں صرف اس وجہ سے نبی کہلاتا ہوں کہ عربی اور عبرانی زبان میں نبی کے یہ معنی ہیں کہ خدا سے الہام پا کر بکثرت پیشین گوئی کرنے والا اور بغیر کثرت کے یہ معنی متحقق نہیں ہو سکتے۔" (آخری خط مرزا غلام احمد قادیانی مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

"پس اس بنا پر خدا نے میرا نام نبی رکھا ہے کہ اس زمانے میں کثرت مکالمہ، مخاطبہ الہیہ اور کثرت اطلاع بر علوم غیب صرف مجھے ہی عطا کی گئی ہے۔"
(آخری خط مرزا غلام احمد قادیانی مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

Marfat.com

''ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم رسول اور نبی ہیں۔ دراصل یہ نزاع لفظی ہے۔ خدا تعالیٰ جس کے ساتھ ایسا مکالمہ مخاطبہ کرے کہ جو بلحاظ کمیت و کیفیت دوسروں سے بہت بڑھ کر ہو اور اس میں پیشین گوئیاں بھی کثرت سے ہوں اسے نبی کہتے ہیں اور یہ تعریف ہم پر صادق آتی ہے پس ہم نبی ہیں۔''

(بدر 5 مارچ 1908ء)

''جس حالت میں خدا میرا نام نبی رکھتا ہے تو میں کیونکر انکار کر سکتا ہوں۔ میں اس پر قائم ہوں، اس وقت تک جو اس دنیا سے گذر جاؤں۔'' (آخری خط مرزا غلام احمد قادیانی مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

''میں نبی ہوں اور اُمتی بھی ہوں تا کہ ہمارے سید آقا کی وہ پیش گوئی پوری ہو کہ آنے والا مسیح اُمتی بھی ہوگا اور نبی بھی ہوگا۔''

(آخری خط مندرجہ اخبار عام 26 مئی 1908ء)

کبھی نبی کی وحی خبر واحد کی طرح ہوتی ہے اور مع ذالک مجمل ہوتی ہے اور کبھی وحی ایک امر میں کثرت سے اور واضح ہوتی ہے ...... پس میں اس سے انکار نہیں کر سکتا کہ کبھی میری وحی بھی خبر واحد کی طرح ہو اور مجمل ہو''

(لیکچر سیالکوٹ ص 33)

Marfat.com

مرزائی اور مسلمان

صحیح العقیدہ مسلمانوں کو مرزا قادیانی نے کس تناظر سے دیکھا ہے۔ اور اپنے پیروکاروں کے لئے کس جادہ زندگی کا انتخاب کیا ہے۔ اس سلسلے میں اس کے نظریات نہایت ہی خطرناک ہیں۔ وہ تو ہر پکے سچے مسلمان کو دائرہ اسلام سے خارج کر رہا ہے۔ چند ثبوت آپ کی خدمت میں پیش ہیں۔ ان کی روشنی میں آپ دیکھیں گے کہ وہ کس ڈھٹائی کے ساتھ

☆ مسلمان اور مرزائی میں فرق پیش کر رہا ہے۔

☆ دوسرے مسلمانوں کے بارے میں وہ کیا کہتا ہے؟

☆ اور مرزا قادیانی کے خلفاء کے عقائد کیا ہیں؟

ہم دیکھ چکے ہیں کہ مرزا قادیانی کا دعویٰ یہ تھا کہ:۔

1- وہ خدا کا نبی اور رسول ہے

2- صاحب کتاب اور صاحب شریعت ہے

3- ان کی وحی، قرآن کی مثل ہے

نیا دین

اس کے ساتھ ہی اس نے اس امر کی بھی وضاحت کر دی کہ:۔

انبیاء اس لئے آتے ہیں کہ ایک دین سے دوسرے دین میں داخل کریں اور ایک قبلہ سے دوسرا قبلہ مقرر کرا دیں۔ اور بعض احکام کو منسوخ کریں اور بعض نئے احکام لاویں۔ (مکتوبات احمدیہ، جلد پنجم، نمبر چہارم ص ۳۲)

Marfat.com

اسی بناء پر قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ:۔

اللہ تعالیٰ نے اس آخری صداقت کو قادیان کے ویرانے میں نمودار کیا اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جو فارسی النسل ہیں۔ اس کام کے لئے منتخب فرمایا۔ اور فرمایا کہ میں تیرے نام کو دنیا کے کناروں تک پہنچا دوں گا، زور آور حملوں سے تیری تائید کروں گا اور جو دین تو لے آیا ہے، اسے تمام دیگر ادیان پر بذریعہ دلائل و براہین، غالب کروں گا اور اس کا غلبہ دنیا کے آخر تک قائم رکھوں گا۔

(الفضل، مورخہ ۳ فروری ۱۹۳۵ء)

اسلام سے الگ دین

یہ دین (جسے مرزا قادیانی لے کر آیا تھا اسلام نہیں تھا۔ چنانچہ اخبار الفضل، مورخہ ۳۱ دسمبر ۱۹۱۴ء میں کہا گیا ہے کہ:

> عبداللہ کوئیلیم نے حضرت مسیح موعود کی زندگی میں ایک مشن قائم کیا۔ بہت سے لوگ مسلمان ہوئے۔ مسٹر دیب نے امریکہ میں اس کی اشاعت شروع کی لیکن آپ نے (مرزا قادیانی نے) مطلق ان کو ایک پائی کی مدد نہ دی۔ اس کی وجہ یہ کہ جس اسلام میں آپ پر (مرزا قادیانی پر) ایمان لانے کی شرط نہ ہو اور آپ کے سلسلہ کا ذکر نہیں، اسے آپ اسلام ہی نہیں سمجھتے تھے کہ ان کا (مسلمانوں کا) اسلام اور ہے اور ہمارا اسلام اور۔

اور میاں بشیر الدین محمود (خلیفہ ثانی) نے کہا:

> ہندوستان سے باہر ہر ایک ملک میں ہم اپنے واعظ بھیجیں۔ مگر میں اس بات کے کہنے سے نہیں ڈرتا کہ اس تبلیغ سے ہماری غرض سلسلہ احمدیہ کی صورت میں اسلام کی تبلیغ ہو۔ میرا یہی مذہب ہے اور حضرت مسیح موعود کے پاس رہ کر اندر باہر ان سے بھی یہی سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ اسلام کی تبلیغ یہی میری تبلیغ ہے۔ پس اس اسلام کی تبلیغ کرو جو مسیح موعود لایا ہے (منصب خلافت ص ۲۰)۔

Marfat.com

مسلمانوں سے اختلاف

مرزا قادیانی کا بیٹا بشیر الدین محمود مرتد نے خطبہ جمعہ میں کہا:

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ میرے کانوں میں گونج رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ یہ غلط ہے کہ دوسرے لوگوں سے ہمارا اختلاف صرف وفات مسیح یا اور چند مسائل میں ہے۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی ذات رسول کریم ﷺ قرآن نماز، روزہ، حج، زکوۃ، غرضیکہ آپ نے تفصیل سے بتایا کہ ایک ایک چیز میں ہمیں ان سے اختلاف ہے۔

(الفضل ۳۰ جولائی ۱۹۳۱ء)

مسلمان کافر ہیں

یہ اس لئے کہ مرزا نے علانیہ کہہ دیا تھا کہ مسلمان (جو ان کی نبوت کے قائل نہیں) وہ مسلمان ہی نہیں۔ کافر ہیں۔ چنانچہ مرزا نے اپنی کتاب حقیقۃ الوحی میں کہا۔

علاوہ اس کے جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی نہیں مانتا۔ کیونکہ میری نسبت خدا اور رسول کی پیش گوئی موجود ہے .... اب جو شخص خدا اور رسول کے احکام کو نہیں مانتا اور قرآن کی تکذیب کرتا ہے اور عمداً خدائے تعالیٰ کے نشانوں کو رد کرتا ہے، اور مجھ کو باوجود صدہا نشانوں کے مفتری ٹھہراتا ہے، تو وہ مومن کیونکر ہوسکتا ہے۔ (حقیقۃ الوحی ص ۱۶۳)

آگے چل کر کہا:

کفر دو قسم پر ہے۔ ایک کفر یہ ہے کہ ایک شخص اسلام سے ہی انکار کرتا ہے اور آنحضرت ﷺ کو رسول نہیں مانتا۔ دوسرا یہ کفر کہ مثلاً وہ مسیح موعود کو نہیں مانتا اور اس کے باوجود اتمام حجت کے جھوٹا جانتا ہے جس کے ماننے اور سچا جاننے کے بارے میں خدا

Marfat.com

اور رسول نے تاکید کی ہے اور پہلے نبیوں کی کتابوں میں بھی تاکید پائی جاتی ہے۔ پس اس لئے کہ وہ خدا اور رسول کے فرمان کا منکر ہے کافر ہے۔ اور اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ دونوں قسم کے کفر ایک ہی قسم میں داخل ہیں۔ (حقیقۃ الوحی ص ۱۷۹)

اس سے بھی واضح تر الفاظ میں:

خدائے تعالیٰ نے میرے پر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک وہ شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا ہے، وہ مسلمان نہیں۔

(ارشاد مرزا قادیانی منقول از اخبار الفضل مورخہ ۱۵ جنوری ۱۹۳۵ء)

میاں محمود قادیانی آگے بڑھے اور فرمایا:

کل مسلمان جو حضرت مسیح موعود کی بیعت میں شامل نہیں ہوتے خواہ انہوں نے حضرت مسیح موعود کا نام بھی نہیں سنا، وہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

(آئینہ صداقت ص ۳۵ مصنف میاں محمود احمد قادیانی)

مرزا قادیانی کا دوسرا بیٹا کہتا ہے:

ہر ایک ایسا شخص جو موسیٰ کو مانتا ہے مگر عیسیٰ کو نہیں مانتا یا عیسیٰ کو مانتا ہی مگر محمد ﷺ کو نہیں مانتا۔ یا محمد ﷺ کو مانتا ہے مگر مسیح موعود کو نہیں مانتا۔ وہ نہ صرف کافر بلکہ پکا کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

(کلمۃ الفصل مصنف صاحبزادہ بشیر احمد)

جہنمی

مرزا قادیانی نے اپنے اشتہار، معیار الاخیار، مورخہ ۲۵ مئی ۱۹۰۰ء صفحہ نمبر ۸ پر لکھا کہ:

جو شخص تیری پیروی نہیں کرے گا اور تیری بیعت میں داخل نہیں

Marfat.com

ہوگا اور تیرا مخالف رہے گا وہ خدا اور رسول کی نافرمانی کرنے والا جہنمی ہے۔

لانفرق بین احد من رسلہ

قادیانیوں کے مجموعہ فتاویٰ میں درج ہے کہ

یہ بات تو بالکل غلط ہے کہ ہمارے اور غیر احمدیوں کے درمیان کوئی فروعی اختلاف ہے .... کسی مامور من اللہ کا انکار کفر ہو جاتا ہے ہمارے مخالف حضرت مرزا قادیانی کی ماموریت کے منکر ہیں بتاؤ یہ اختلاف فروعی کیونکر ہوا۔ قرآن مجید میں تو لکھا ہے کہ لانفرق بین احد من رسلہ لیکن حضرت مسیح موعود کے انکار میں تو تفرقہ ہوتا ہے۔ (نہج المصلی مجموعہ فتاوی احمدی ص ۲۸۴)

اس سے یہ بھی واضح ہے کہ مرزا قادیانی کا دعوی رسالت کا تھا۔ کیونکہ قرآن کریم کی محولہ بالا آیت میں کہا گیا ہے کہ ''ہم خدا کے رسولوں میں سے کسی ایک میں فرق نہیں کرتے۔'' مرزا قادیانی نے اپنے آپ کو زمرہ رسل میں شامل کیا ہے۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ

جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی نہیں مانتا۔

(حقیقۃ الوحی ص ۱۶۳)

چنانچہ مرزا محمود نے سب جج گورداسپور کی عدالت میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ:۔

اس کی وجہ کہ غیر احمدی کیوں کافر ہیں قرآن کریم نے بیان کی ہے وہ اصول جو قرآن نے بتایا ہے اس سب کا انکار یا اس کے کسی ایک حصہ کے نہ ماننے سے کافر ہو جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ اللہ کا انکار کفر ہے۔ سب نبیوں کا یا نبیوں میں سے کسی ایک کا انکار کفر ہے۔ کتب الٰہی کا انکار کفر ہے۔ ملائکہ کے انکار سے انسان کافر ہو جاتا ہے وغیرہ۔ ہم چونکہ مرزا کو نبی مانتے ہیں

Marfat.com

اور غیر احمدی ؟ آپ کو نبی نہیں مانتے اس لئے قرآن کریم کی تعلیم کے مطابق کسی ایک نبی کا انکار بھی کفر ہے غیر احمدی کافر ہیں۔

(افضل بابت ۲۶/۲۹ جون ۱۹۲۲ء)

قصور اپنا نکل آیا

آگے بڑھنے سے پیشتر اس لطیف نکتہ پر غور کیجئے کہ مسلمانوں کا مطالبہ یہ ہے کہ ''احمدیوں'' کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے۔ لیکن ''احمدیوں'' نے اس مسئلہ کو پہلے ہی حل کر رکھا ہے۔ وہ اپنے آپ کو مسلمان قرار دیتے ہیں اور ''غیر احمدیوں'' کو مسلمان ہی نہیں سمجھتے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ابھی ''غیر احمدیوں کو'' اس ''پیش'' میں پھنسا رہنے دینا چاہتے ہیں۔ جب مناسب موقعہ آئے گا تو ان کی طرف سے یہ مطالبہ پیش ہو گا کہ ''غیر احمدیوں'' کو غیر مسلم قرار دیا جائے۔ اس کے لئے انہوں نے پہلے سے ہی ردہ رکھ دیا ہوا ہے۔ چنانچہ صاجزادہ بشیر احمد ''احمدی'' حضرت کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

اب جبکہ یہ مسئلہ بالکل صاف ہے کہ مسیح موعود کے ماننے کے بغیر نجات نہیں ہو سکتی تو کیوں خواہ مخواہ غیر احمدیوں کو مسلمان ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

(کلمتہ الفصل، مندرجہ ریویو اوف ریلیجز، نمبر ۳ جلد ۱۴، ص ۱۴۸)

انہیں نئے سرے سے مسلمان کیا جائے

دوسرے مقام پر وہ لکھتے ہیں:

چوں دور خسروی آغاز کردند　　　مسلماں را مسلماں باز کردند

اس الہامی شعر میں اللہ تعالیٰ نے مسئلہ کفر و اسلام کو بڑی وضاحت کی ساتھ بیان کیا ہے۔ اس میں خدا نے غیر احمدیوں کو مسلمان بھی کہا ہے اور پھر ان کے اسلام کا انکار بھی کیا ہے۔ مسلمان تو اس لئے کہا ہے کہ وہ مسلمان کے نام سے پکارے جاتے ہیں اور جب تک یہ لفظ استعمال نہ کیا جائے لوگوں کو پتہ

Marfat.com

نہیں چلتا کہ کون مراد ہے۔ مگر ان کے اسلام کا اس لئے انکار کیا گیا ہے کہ وہ اب خدا کے نزدیک مسلمان نہیں ہیں بلکہ ضرورت ہے کہ ان کو پھر نئے سرے سے مسلمان کیا جائے۔

(ایضاً ص ۱۴۳)

دوسری جگہ لکھتا ہے:

اس جگہ ایک اور شبہ پڑتا ہی اور وہ یہ کہ جب حضرت مسیح موعود اپنے منکروں کو حسب حکم الٰہی اسلام سے خارج سمجھتے تھے تو آپ نے ان کے لئے اپنی بعض آخری کتابوں میں مسلمانوں کا لفظ کیوں استعمال فرمایا؟

اس کے جواب میں کہا:

معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مسیح موعود کو بھی بعض وقت اس کا خیال آیا کہ کہیں میری تحریر میں ''غیر احمدیوں'' کے متعلق مسلمان کا لفظ دیکھ کر لوگ دھوکا نہ کھائیں۔ اس لئے آپ نے کہیں کہیں بہ طور ازالہ کے غیر احمدیوں کے متعلق ایسے الفاظ بھی لکھ دیئے ہیں کہ ''وہ لوگ جو اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں''۔ تاکہ جہاں کہیں بھی مسلمان کا لفظ ہو اس سے مدعی اسلام سمجھا جائے نہ کہ حقیقی مسلمان ...... پس یہ ایک یقینی بات ہے کہ حضرت مرزا صاحب نے جہاں کہیں بھی غیر احمدیوں کو مسلمان کہہ کر پکارا ہے وہاں صرف یہ مطلب ہے کہ وہ صرف اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں۔ ورنہ آپ حسب حکم الٰہی اپنے منکروں کو مسلمان نہ سمجھتے تھے۔

(ایضاً ص ۱۲۶)

ان کے پیچھے نماز مت پڑھو

ظاہر ہے کہ جب ''احمدیوں'' کے نزدیک ''غیر احمدی'' مسلمان ہی نہیں تو ان کے ساتھ مسلمانوں جیسا برتاؤ کس طرح جائز قرار پا

Marfat.com

سکتا ہے۔اس سلسلہ میں مرزا قادیانی نے اپنی جماعت سے کہا کہ:۔

صبر کرو اور اپنی جماعت کے غیر کے پیچھے نماز مت پڑھو۔

(ارشاد مرزا مندرجہ اخبار الحکم قادیان، مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۰۱ء)

پس یاد رکھو کہ جیسا کہ مجھے خدا نے اطلاع دی ہے تمہارے پر حرام ہے اور قطعی حرام ہے کہ کسی مکفر اور مکذب یا متردد کے پیچھے نماز پڑھو۔ بلکہ چاہئے کہ تمہارا وہی امام ہو جو تم میں سے ہو۔

(اربعین، نمبر ۳ ص ۳۴، برحاشیہ)

ان کا جنازہ پڑھنا بھی جائز نہیں

اخبار الفضل (قادیان) مورخہ ۲۹ اپریل ۱۹۱۶ء میں کہا گیا ہے کہ مرزا قادیانی نے اگر منکرین کے جنازہ کی اجازت دی تھی تو وہ اوائل کی بات تھی۔

بعد میں اگر کسی نے اس فتویٰ کو جاری سمجھا تو وہ اس کی اجتہاری غلطی تھی جس کو خلیفہ اول (حکیم نورالدین) نے صاف حکم کے ساتھ رد کر دیا کہ غیر احمدی کا جنازہ ہرگز جائز نہیں۔

اور میاں محمود نے فرمایا کہ:

غیر احمدی بچے کا جنازہ پڑھنا درست نہیں۔ (الفضل مورخہ ۳ مئی ۱۹۲۲ء

اخبار الفضل بابت ۱۵ دسمبر ۱۹۲۱ء میں کہا گیا ہے کہ ''حضرت مسیح موعود نے اپنے بیٹے (فضل احمد مرحوم) کا جنازہ محض اس لئے نہ پڑھا کہ وہ غیر احمدی تھا''۔

اور اپنے امام کی تقلید میں چودھری ظفر اللہ خان قادیانی نے قائداعظمؒ کے جنازہ میں شرکت نہیں کی۔ اور لاکھوں آدمیوں کی موجودگی میں جنازہ کے وقت الگ کھڑے رہے۔

ضمناً مسئلہ ختم نبوت کے سلسلہ میں فسادات پنجاب کے لئے جو تحقیقاتی کمیٹی مقرر ہوئی تھی (اور جسے منیر کمیٹی کہہ کر پکارا جاتا ہے) اس میں (''غیر احمدیوں'' کے جنازہ کے سلسلے میں) ''احمدیوں'' کی طرف سے کہا گیا کہ ''اب مرزا قادیانی کے ایک ایسے

Marfat.com

ارشاد کا انکشاف ہوا ہے جس میں انہوں نے ان مسلمانوں کے جنازہ میں شرکت کی اجازت دے دی تھی جو مکذب اور مکفر نہ ہوں''۔ اس پر عدالت نے کہا کہ اس سے تو بات وہیں کی وہیں رہتی ہے۔

(منیر کمیٹی رپورٹ ص ۱۹۹)

نکاح بھی جائز نہیں

قرآن کریم کی رو سے کسی مسلمان عورت کا کسی غیر مسلم سے (خواہ وہ اہل کتاب ہی کیوں نہ ہوں) نکاح جائز نہیں۔ البتہ اہل کتاب کی عورتوں سے مسلمان مردوں کا نکاح جائز ہے۔ ''احمدیوں'' کا ''غیر احمدیوں'' سے نکاح کے معاملہ میں بھی یہی مسلک ہے۔ چنانچہ مرزا قادیانی کہتا ہے:

غیر احمدی کی لڑکی لے لینے میں حرج نہیں ہے کیونکہ اہل کتاب عورتوں سے بھی نکاح جائز ہے .... لیکن اپنی لڑکی کسی غیر احمدی کو نہیں دینی چاہئے۔ اگر ملے تو لے بیشک لو لینے میں حرج نہیں اور دینے میں گناہ ہے۔ (الحکم بابت ۱۶ اپریل ۱۹۰۸ء)

میاں محمود احمد کے مطابق اس باب میں ''غیر احمدیوں'' کی پوزیشن، ہندوؤں اور سکھوں جیسی ہے یعنی ان کی لڑکیاں بھی لے لینی چاہئیں لیکن انہیں لڑکی دینی نہیں چاہئیے۔

(الفضل ۱۷ جولائی ۱۹۲۲ء)

تمام تعلقات حرام

بشیر احمد لکھتا ہے:

غیر احمدیوں سے ہماری نمازیں الگ ہو گئیں۔ ان کو لڑکیاں دینا حرام قرار دیا گیا۔ ان کے جنازے پڑھنے سے روکا گیا۔ اب باقی کیا رہ گیا ہے جو ہم ان کے ساتھ مل کر کر سکتے ہیں۔ دو قسم کے تعلقات ہوتے ہیں۔ ایک دینی، دوسرے

Marfat.com

دنیوی۔ دینی تعلق کا سب سے بڑا ذریعہ عبادت کا اکٹھا ہونا ہے اور دنیوی تعلقات کا بھاری ذریعہ رشتہ و ناطہ ہے۔ سو یہ دونوں ہمارے لئے حرام قرار دیئے گئے .... اگر یہ کہو کہ غیر احمدیوں کو سلام کیوں کیا جاتا ہے تو اس کا جواب حدیث سے ثابت ہے۔ بعض اوقات نبی اکرم ﷺ نے یہود تک کو سلام کا جواب دیا ہے، ہاں اشد مخالفین کو حضرت مسیح موعود نے کبھی سلام نہیں کہا اور نہ ان کو سلام کہنا جائز ہے۔ غرض ہر ایک طریقہ سے ہم کو حضرت مسیح موعود نے غیروں سے الگ کیا ہے اور ایسا کوئی تعلق نہیں جو اسلام نے مسلمانوں کے ساتھ خاص کیا ہو اور پھر ہم کو اس سے نہ روکا گیا ہو۔

(کلمۃ الفصل مندرجہ رسالہ ریویو اوف ریلیجنز، نمبر ۱۴، جلد ۱۴ ص ۱۶۹)

ہر حال میں حق بات کا اظہار کریں گے
منبر نہیں ہوگا تو سر دار کریں گے
جب تک بھی دہن میں ہے زباں سینے میں دل ہے
کاذب کی نبوت کا ہم انکار کریں گے

Marfat.com

مرزا گستاخ کی گستاخیاں

حیا اور شرم ایک ایسا پردہ ہے جس کے باعث کسی کو شریف اور بھلا مانس کہہ سکتے ہیں۔ اور جو اس پردے کو اتار پھینکتا ہے۔ وہ بے شرم ہے۔ بے حیا ہے اور گستاخ ہے۔ اب وہ جس سطح پر خود ہے سب کو اسی سطح پر دیکھتا ہے۔ وہ بے شرم ہو کر بے شرمی کی باتیں کرتا ہے۔ بے حیا ہو کر بے حیائی کی گفتگو کرتا ہے۔ اور گستاخ ہو کر گستاخیاں کرنے لگتا ہے۔

میرے نزدیک یہ سب سے بڑی گستاخی ہے کہ وہ جس مسند کے لائق نہیں اس مسند پر بیٹھنے کی کوشش کرے یا اس مسند پر بیٹھنے کا دعویدار ہو فرعون اور نمرود نے خدائی کا دعوی کر دیا۔ یہ بھی گستاخی تھی۔ حضور نبی کریم ﷺ کی راہ میں کانٹے بکھیرنا بھی گستاخی تھی۔ آپؐ پر پتھر برسانا بھی گستاخی تھی۔

اور مرزا قادیانی نے تو گستاخی کی حد کر دی۔ کہ امتی ہو کر نبوت کا دعوی کر دیا۔ اور پھر اسی پر بس نہیں کی۔ آپ ﷺ کی شان میں بے جا باتیں کرنے لگا۔ آپؐ کے صحابہ کی شان میں گستاخیاں کیں۔ احمق مرزے کی چند گستاخیاں اس کی تحریروں سے پیش خدمت ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے بے شمار ہاتھ پیر

''قیوم العالمین ایک ایسا وجود اعظم ہے جس کے لیے بے شمار ہاتھ اور ہر ایک عضو اس کثرت سے ہے کہ تعداد سے خارج اور لاانتہا عرض اور طول رکھتا ہے اور تیندوے کی طرح اس وجود اعظم کی تاریں بھی ہیں جو صفحہ ہستی کے تمام کناروں تک پھیل رہی ہیں۔

Marfat.com

(توضیح مرام، ص ۴۲، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۳، ص ۱۹۰ از مرزا غلام احمد قادیانی)

اللہ اور چور

''وہ خدا جس کے قبضہ میں ذرہ ذرہ ہے، اس سے انسان کہاں بھاگ سکتا ہے۔ وہ فرماتا ہے کہ میں چوروں کی طرح پوشیدہ آؤں گا''۔

(تجلیات الٰہیہ، ص ۴، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۰، ص ۳۹۶ از مرزا قادیانی)

سچا خدا

''سچا خدا وہی خدا ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا''۔ (دافع البلاء، ص ۱۱،

حضرت عیسیٰ علیہ السلام شراب پیتے تھے

''یورپ کے لوگوں کو جس قدر شراب نے نقصان پہنچایا ہے، اس کا سبب تو یہ تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شراب پیا کرتے تھے۔ شاید کسی بیماری کی وجہ سے یا پرانی عادت کی وجہ سے''

(کشتی نوح، ص ۷۳، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، ص ۷۱، از مرزا قادیانی)

مرزا قادیانی چونکہ خود شراب پیتا تھا، اس لیے اس نے اپنے لیے جواز پیدا کرنے کے لیے حصرت عیسیٰ علیہ السلام پر الزام لگا دیا۔

محمد رسول اللہؐ کے تمام کمالات مرزا غلام احمد قادیانی میں

ہر ایک نبی کو اپنی استعداد اور کام کے مطابق کمالات عطا ہوتے ہیں۔ کسی کو بہت، کسی کو کم، مگر مسیح موعود کو تو تب نبوت ملی جب اس نے نبوت محمد یہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام کمالات کو حاصل کر لیا اور اس قابل ہو گیا کہ ظلی نبی کہلائے۔ پس ظلی نبوت نے مسیح موعود کے قدم کو پیچھے نہیں ہٹایا بلکہ آگے بڑھایا اور اس قدر آگے بڑھایا کہ نبی کریم کے پہلو بہ پہلو لا کھڑا کیا۔

(کلمہ الفصل، ص ۱۱۳، از مرزا بشیر احمد ایم اے، ابن مرزا غلام احمد قادیانی)

قادیانی محمد رسول اللہ

پھر اسی کتاب میں اس مکالمہ کے قریب ہی یہ وحی اللہ ہے محمد رسول اللہ والذین

Marfat.com

معه اشداء علی الکفار رحماء بینھم اس وحی الٰہی میں میرا نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی۔
(ایک غلطی کا ازالہ ،ص ۴ ، مندرجہ روحانی خزائن ، جلد ۱۸ص ۲۰۷ ، مرزا غلام احمد قادیانی)

خدا تعالیٰ نے آج سے چھبیس برس پہلے میرا نام براہین احمدیہ میں محمد اور احمد رکھا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بروز مجھے قرار دیا ہے۔
(حقیقۃ الوحی ،تتمہ ،ص ۶۷ ،مندرجہ روحانی خزائن ، جلد ۲۲ ،ص ۵۰۲ ، از مرزا قادیانی)

قرآن مجید اور حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین

قرآن شریف ،مرزا کی باتیں

''قرآن شریف خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں''
(تذکرہ مجموعہ الہامات ،ص ۶۳۵ ،طبع دوم ،از مرزا غلام احمد قادیانی)

قرآن ،مرزا پر دوبارہ اترا

''ہم کہتے ہیں کہ قرآن کہاں موجود ہے؟ اگر قرآن موجود ہوتا تو کسی کے آنے کی کیا ضرورت تھی۔ مشکل تو یہی ہے کہ قرآن دنیا سے اٹھ گیا ہے۔ اسی لیے تو ضرورت پیش آئی کہ محمد رسول اللہ (مرزا قادیانی) کو بروزی طور پر دوبارہ دنیا میں مبعوث کر کے آپ پر قرآن شریف اتارا جائے''۔
(کلمہ الفصل ،ص ۱۷۳ ، از صاحبزادہ مرزا بشیرالدین ایم اے ، ابن مرزا قادیانی)

قرآن مجید قادیان کے قریب نازل ہوا

انا انزلنا قریبا من القادیان

اس کی تفسیر یہ ہے کہ انا انزلنا قریبا من دمشق بطرف شرقی عندالمنارہ البیعناء کیونکہ اس عاجز کی سکونتی جگہ قادیان کے شرقی کنارہ پر ہے''۔
(تذکرہ مجموعہ الہامات ،ص ۷۶ ،طبعی دوم ،از مرزا غلام احمد قادیانی)

حضرت مریم علیہ السلام کا دوسرا نکاح

''اور مریم کی وہ شان ہے جس نے ایک مدت تک اپنے تئیں نکاح سے روکا پھر

Marfat.com

بزرگان قوم کے نہایت اصرار سے بوجہ حمل کے نکاح کر لیا۔ گو لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ برخلاف تعلیم توریت عین حمل میں کیونکر نکاح کیا گیا اور بتول ہونے کے عہد کو کیوں ناحق توڑا گیا اور تعدد ازدواج کی کیوں بنیاد ڈالی گئی۔ یعنی باوجود یوسف نجار کی پہلی بیوی کے ہونے کے پھر مریم کیوں راضی ہوئی کہ یوسف نجار کے نکاح میں آئے مگر میں کہتا ہوں کہ یہ سب مجبوریاں تھیں جو پیش آ گئیں۔ اس صورت میں وہ لوگ قابل رحم تھے نہ قابل اعتراض۔

(کشتی نوح، ص ۲۰، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، ص ۱۸، از مرزا غلام احمد قادیانی)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی توہین

"میں وہی مہدی ہوں جس کی نسبت ابن سیرین سے سوال کیا گیا کہ وہ حضرت ابوبکرؓ کے درجہ پر ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ ابوبکرؓ کیا وہ تو بعض انبیاء سے بہتر ہے"

(مجموعہ اشتہارات، جلد ۳، ص ۲۷۸، از مرزا غلام احمد قادیانی)

حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کی توہین

"ابوبکر و عمر کیا تھے وہ تو حضرت غلام احمد (قادیانی) کی جوتیوں کے تسمہ کھولنے کے بھی لائق نہ تھے"

(ماہنامہ المہدی، بابت جنوری، فروری ۱۹۱۵ء، ۲/۳، ص ۵۷، احمدین انجمن اشاعت اسلام)

نادان صحابی

"بعض نادان صحابی جن کو درایت سے کچھ حصہ نہ تھا" (ضمیمہ براہین احمدیہ، حصہ پنجم، ص ۲۸۵، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۱، ص ۲۸۵، از مرزا غلام احمد قادیانی)

حضرت ابوھریرہؓ کی توہین

"جیسا کہ ابوھریرہؓ غبی تھا اور درایت اچھی نہیں رکھتا تھا"۔

(اعجاز احمدی، ص ۱۸، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، ص ۱۲۷ از مرزا قادیانی)

"جو شخص قرآن شریف پر ایمان لاتا ہے اس کو چاہیے کہ ابوھریرہ کے قول کو ایک ردی متاع کی طرح پھینک دے" (ضمیمہ براہین احمدیہ، حصہ پنجم، ص ۴۱۰، مندرجہ

Marfat.com

روحانی خزائن، جلد ۲۱، ص ۴۱۰، از مرزا غلام احمد قادیانی)

اھل بیت اطہار کی توہین

زندہ علیؓ ، مردہ علیؓ

''پرانی خلافت کا جھگڑا چھوڑو۔ اب نئی خلافت لو۔ ایک زندہ علی تم میں موجود ہے۔ اس کو چھوڑتے ہو اور مردہ علی کی تلاش کرتے ہو''

(ملفوظات احمدیہ، جلد اول، ص ۴۰۰، از مرزا غلام احمد قادیانی)

حضرت امام حسینؓ کی توہین

''اور انہوں نے کہا کہ اس شخص (مرزا قادیانی) نے امام حسن اور حسین سے اپنے تئیں اچھا سمجھا، میں کہتا ہوں کہ ہاں اور میرا خدا عنقریب ظاہر کر دے گا''

(اعجاز احمدی، ص ۵۲، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، ص ۱۶۴، از مرزا غلام احمد قادیانی)

حسینؓ دشمنوں کا کشتہ

''اور میں خدا کا کشتہ ہوں لیکن تمہارا حسین دشمنوں کا کشتہ ہے پس فرق کھلا کھلا اور ظاہر ہے''

(اعجاز احمدی، ص ۸۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، ص ۱۹۳، از مرزا غلام احمد قادیانی)

کربلا کی سیر

کربلائے است سیر ہر آنم
صد حسین است در گریبانم

ترجمہ: ''میری سیر ہر وقت کربلا میں ہے سو (۱۰۰) حسینؓ ہر وقت میری جیب میں ہیں''۔ (نزول المسیح ص ۹۹ مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، ص ۴۷۷ از مرزا قادیانی)

حضرت حسینؓ سے بڑھ کر

''اور اے قوم شیعہ اس پر اصرار مت کرو کہ حسینؓ تمہارا منجی ہے کیونکہ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ آج تم میں ایک ہے کہ اس حسین سے بڑھ کر ہے''

(دافع البلاء، ص ۱۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، ص ۲۳۳، از مرزا قادیانی)

Marfat.com

حضرت فاطمہؓ کی شرمناک توہین

''حضرت فاطمہؓ نے کشفی حالت میں اپنی ران پر میرا سر رکھا اور مجھے دکھایا کہ میں اس میں سے ہوں'' (ایک غلطی کا ازالہ، (حاشیہ) ص ۱۱، از مرزا غلام احمد قادیانی)

حرمین شریفین کی توہین

مکہ اور مدینہ کی چھاتیوں کا دودھ خشک ہو گیا

''حضرت مسیح موعود نے اس کے متعلق بڑا زور دیا ہے اور فرمایا کہ جو بار بار یہاں نہیں آتے مجھے ان کے ایمان کا خطرہ ہے۔ پس جو قادیان سے تعلق نہیں رکھے گا، وہ کاٹا جائے گا۔ تم ڈرو کہ تم میں سے نہ کوئی کاٹا جائے پھر یہ تازہ دودھ کب تک رہے گا آخر ماؤں کا دودھ بھی سوکھ جایا کرتا ہے۔ کیا مکہ اور مدینہ کی چھاتیوں سے یہ دودھ سوکھ گیا کہ نہیں''

(حقیقۃ الرویاء، ص ۴۶، از مرزا بشیر الدین محمود، ابن مرزا قادیانی)

مسلمانوں کی توہین

''جو شخص تیری پیروی نہیں کرے گا اور تیری بیعت میں داخل نہیں ہوگا اور تیرا مخالف رہے گا۔ وہ خدا اور رسول ﷺ کی نافرمانی کرنے والا اور جہنمی ہے''۔

(تذکرہ ص ۳۴۲۔۳۴۳)

مرزا قادیانی اور اس کی امت خبیثہ کے عقائد باطلہ ملاحظہ فرمائیں کہ ان قزاقوں نے کس طرح شعائر اور اصطلاحات اسلامی کو مسخ کرنے کی ناپاک جسارت کی ہے ان کے نزدیک۔

- ☆ مرزا قادیانی = ''خدا کا برگزیدہ نبی اور رسول'' (نعوذ باللہ)
- ☆ مرزا قادیانی کی باتیں = ''احادیث'' (نعوذ باللہ)
- ☆ مرزا قادیانی کا خاندان = ''اہل بیت'' (نعوذ باللہ)
- ☆ مرزا قادیانی کا بیٹا بشیر احمد ایم اے = قمر الانبیاء وفخر المرسلین'' (نعوذ باللہ)
- ☆ مرزا قادیانی کی بیٹی = ''سیدۃ النساء'' (نعوذ باللہ)

Marfat.com

☆ مرزا قادیانی کی بیویاں	=	''امہات المومنین''	(نعوذ باللہ)
☆ مرزا قادیانی کے ساتھی	=	''صحابہ کرام''	(نعوذ باللہ)
☆ مرزا قادیانی کا شہر	=	''مدینہ المسیح''	(نعوذ باللہ)
☆ مرزا قادیانی کی امت	=	''مسلمان''	(نعوذ باللہ)
☆ مرزا قادیانی کے جانشین	=	''خلفائے راشدین کی طرز پر خلفاء''	(نعوذ باللہ)
☆ مرزا قادیانی کی عبادت گاہ	=	''مسجد اقصیٰ''	(نعوذ باللہ)
☆ مرزا قادیانی کا قبرستان	=	''جنت البقیع کے مقابلے میں بہشتی مقبرہ''	(نعوذ باللہ)
☆ مرزا قادیانی کے ۳۱۳ گماشتے	=	''اصحاب بدر''	(نعوذ باللہ)

نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر
وہی قرآں وہی فرقاں وہی یٰسین وہی طٰہٰ

رخ مصطفیٰ ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا دوسرا آئینہ
نہ ہماری بزم خیال میں نہ دکان آئینہ ساز میں

Marfat.com

فتنہ قادیانیت کی بنیاد گالی پر ہے

کسی کو گالی دینا نہایت ہی بری بات ہے کہنے کو تو یہ چند گندے بول ہوتے ہیں مگر اس کے اثرات بڑے گھناؤنے مرتب ہوتے ہیں۔ گالی بڑے بڑے جھگڑوں کو جنم دیتی ہے۔ اگر کسی کی ماں کا یا بہن کا ایک بیٹا یا بھائی ہے وہ گالی سن کر مشتعل ہوگا۔ اگر زیادہ بھائی بیٹے ہیں تو وہ سب کے سب اس سے جنگ کرنے کو آئیں گے۔ اگر کسی استاد یا مرشد کو گالی دی جائے تو ان کے شاگرد اور مرید سب ہی اس کی خوب خبر لیں گے۔ مگر اللہ کے حبیب کو گالی دینا پورے مسلمانوں اور امتیوں پر لازم آئے گا کہ گالی دینے والے کو تختہ دار پر لٹکانے کا مطالبہ کریں۔

دنیا میں جن لوگوں نے بھی اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی ہے ان میں بڑے بڑے بادشاہ اور سرکش گزرے ہیں۔ مثلاً فرعون، نمرود، ہامان، شداد ابوجہل اور ابولہب وغیرہ جب بھی کسی رسول یا نبی نے لوگوں کو توحید کی دعوت دی اور اپنی رسالت اور نبوت کا اعلان کیا تو نہ ماننے والوں نے ڈٹ کر مقابلہ کیا لیکن رسول یا ان کے گھر والوں کو یا ماننے والوں کو نہ گالیاں دیں نہ برا بھلا کہا۔

